U63935 1-12-09

Title – Kutub Khana Iskandariya.

Creator – Shibli Nemani

Publisher – Matba Mufeed Aam (Agra).

Date – 1894

Pages – 76

Subjects – Kutub Khana – Iskandariya.

M.A.LIBRARY, A.M.U.
U63935

M. Mohsin's property
2493/7

مضمون

کتب خانۂ اسکندریہ

پر

[...] مین اصول روایت و درایت سے قطعی طور پر یہ بات ثابت کیگئی ہی کہ کتب خانۂ اسکندریہ
[...] کے جلانیکا الزام جو مسلمانون پر لگایا جاتا ہی محض غلط ہی ۔ اس مضمون مین
[...]وہ انگریز مورخون کے جرمن و فرانس کے مشہور اور مستند مصنفون کے
[...]ال سے استناد کیا گیا ہی اور جن وجوہ سے ابتک ممالک یورپ مین
یہ غلطی چلی آتی تھی اونکی حقیقت علانیہ ظاہر کر دی گئی ہی ۔

122/28

مرتبہ

شبلی نعمانی

مطبوعہ مطبع مفید عام آگرہ باہتمام منشی قادر علیخان صوفی

۱۸۹۲ عیسوی

CHECKED-2002

یورپ کی علمی اور تمدنی ترقی کی ابتدا اسی زمانہ سے ہوئی۔
زمانہ مین یورپ مین مسلمانون کے متعلق عجیب عجیب روایتین پیدا ہو گئین اور واقعات
لحاظ سے ایسا ہونا ضرور تھا۔ اس زمانہ مین مسلمانون کے مذہب۔ قومیت
تمدن۔ کے متعلق یورپ مین جو غلط اور بیسیر و پا روایتین پیدا ہوئین وہ رفتہ
ت پکڑ گئین کہ ضرب المثل کے طور پر عام و خاص کی زبانون پر جاری ہو گئین
یف و تالیف کا زمانہ شروع ہوا۔ تو تاریخون۔ حکایتون۔ ناولون۔ بلکہ فلسفہ
ین بھی کثرت سے اونکا استعمال ہونے لگا۔ راجر بیکن جو یورپ مین فلسفہ حال کا
جاتا ہی اوسنے مضامین کا ایک مجموعہ لکھا ہی جسکا نام Bacon's Essays
ہون مین جرأت اور دلیری کی مثال مین لکھتا ہی کہ محمدؐ ایک دن لوگون کو اپنی نبوت کا
یون نے ہتے۔ چنانچہ حاضرین سے کہا کہ اوس پہاڑ کے پاس جاؤ اور اوس سے کہو کہ تجھکو محمدؐ نے
یا ہی۔ لوگ گئے اور یہہ پیغام سنایا۔ لیکن پہاڑ اپنی جگہہ سے کیونکر حرکت کرسکتا
نے یہہ دیکھکر بجاے اسکے کہ شرمندہ ہوتے نہایت اطمینان اور جرأت سے کہا
اثر ہی انہین۔ اگر پہاڑ محمدؐ کے پاس نہین آتا تو محمدؐ خود پہاڑ کے پاس جاسکتا ہی۔
بہت بڑی مورخ نہ تھا اور نہ اپنے خیال مین یہہ واقعہ اوسنے آنحضرت کی تحقیر کی غرض
سکتا ہی۔ بلکہ جرأت اور حوصلہ مندی کی تعریف کرتے کرتے یہہ مثال پیش کی ہی لیکن
صو عنز زمانہ مین اس قسم کی روایتین یورپ کی آب و ہوا مین سرایت کر گئی تہین اس لئے
ب سب بےتکلف اصول موضوعہ کے طور پر اونکو استعمال کرتے تھے اور صحیح سمجھتے تھے

سو ڈیڑہ سو برس سے یورپ زیادہ تحقیقات پر مائل ہوا ہی اور اس قسم کی

غلطی روز بروز کہلتی جاتی ہی یہان تک کہ یورپ کے نامور مورخ ان واقعات کی نسبت

کرتے جاتے ہین کہ وہ یورپ کیلیے شرم کی باعث ہین مسٹر کارلایل اپنی کتاب

ہیروز مین لکہتے ہین کہ "جو جہوٹ باتین دور اندیش اور مذہبی سرگرمی ر

آدمیون نے اوس انسان (یعنی محمد صلعم) کی نسبت قائم کی تہین اب وہ ال

روسیاہی کے باعث ہین" کارلائل صاحب نے یہہ لکچر چونکہ خاص رسول ا

نسبت لکہا ہی اسلیے رسول اللہ کی تخصیص کی ورنہ یورپ مین اس قسم کی جہ

عام طور پر اسلام اور تاریخ اسلام کے متعلق شائع تہین۔ موجودہ تحقیقات نے

غلطیون کو کم کر دیا ہی لیکن بالکل مٹا نہین دیا ہی کیونکہ جو واقعات اس وسعت

قوم مین پہیل گئے تہے اونکی تحقیق پر مائل ہونا صرف اون لوگون کا کام ہی جنکی

عام اجماع اور جمہوریت کا بوجہ دبا نہین سکتا ہی وقلیل ما ھم۔

اسکے علاوہ ایک خاص سبب یہہ ہی کہ ہر قوم مین محققین کا دائرہ جمہور

ہوتا ہی اور اگرچہ اعتبار کے قابل صرف وہ واقعات ہوتے ہین جنکو محققین

تحقیق کے بعد تسلیم کیا ہو۔ لیکن اونکی تحقیقات ایک خاص دائرہ تک محدود

عام لوگون مین اور عام تصنیفات مین اون کو رواج نہین ہوتا یورپ مین جو نامو

اکثر اون بیہودہ روایتون کو غلط تسلیم کرتے جاتے ہین جو اسلامی واقعات

وہان پیدا ہوگئی تہین۔ چنانچہ گبن۔ کارلایل گاڈفری ہگنز۔ باسورتہہ

...و۔ وغیرہ نے عموماً ان واقعات سے صاف انکار کیا ہی۔ لیکن عام تصنیفات
...م روایتون مین ان غلطیون کا زور اب بہی کم نہین ہوا۔
...ہی قسم کے واقعات مین اسکندریہ کے کتب خانہ کے جلائے جانیکا واقعہ بہی
...س واقعہ کو یورپ نے جس بلند آہنگی سے مشہور کیا ہی حقیقت مین وہ نہایت تعجب انگیز
...ارنجین۔ ناولین۔ حکایتین۔ مثلین۔ افسانے۔ قصہ طلب حوالے روزمرہ کے
...ین صدا ہے۔ ایک ... پیر بہی اس صدا سے خالی نہین۔ ادب اور لٹریچر کا تو کیا ذکر ہی منطق
...ہ جلانیکا قصہ بہی اوسکے اثر سے محروم نہ رہے۔ ... یسال کلکتہ یونیورسٹی کے سوالات امتحان
...ہ انگریزی اے پرچہ علم منطق) مین یہ سوال ... ویل کے مغالطہ کو حل کرو یعنی کتابین اگر قرآن
...سے موافق ہین تو اونکی کوئی ضرورت نہین اور مخالف ہین تو اونکو برباد کر دینا چاہئے۔
یہہ امر بہی قابل لحاظ ہی کہ یورپ کو کتب خانہ اسکندریہ کے ساتہہ اسقدر ہمدردی
...یون ہی؟۔ یہہ مسلم ہی کہ جس کتب خانہ کی نسبت بحث ہی عیسائیون سے اوسکو کچہہ واسطہ
...ین ... بادشاہان مصر نے قائم کیا تہا جو بت پرست تہے اور حضرت عیسیٰ سے
...ت پہلے تہے۔ شاید یہہ کہا جائے کہ یہہ یورپ کی عام قدردانی اور ہمدردی کا
اثر ہی۔ لیکن اس حالت مین اسکندریہ کی تخصیص کی کیا ... انہی ممالک مین اور بہی
بہت بڑے بڑے کتب خانے برباد ہوے اور ... غل کہان ہوا
اسکندر نے ایران کے کتب خانے جو برباد کیئے اونکی تشہیر کسنے کی؟۔ اسپین مین
...ہا صوعیسائیون نے مسلمانون کی تمام علمی یادگارون کو مٹا دیا اور کئی لاکہہ کتابین

یعنی ۱۸۸۲ع

برباد کردین؟ کسنے اسکا ماتم کیا؟ - پہر کتب خانہ اسکندریہ کے ساتہہ یہہ خاص ...
کیون ہی؟ -

حقیقت یہہ ہی (جیسا کہ ہم آگے چلکر ثابت کرینگے) کہ اس کتب خانے ...
عیسائیون نے برباد کیا تہا اور بڑے بڑے پیشوایان مذہب اوسکی بربادی ...
تہے - اوس وقت تو یہہ امر فخر کا باعث تہا لیکن جب کسی قدر تہذیب و شائستگی ...
آیا تو یورپ نے دیکہا کہ اوسکے دامن پر یہہ بہت بڑا بدنما داغ ہی اوسکے مٹانے کی ...
سوائے اور کوئی تدبیر نہ تہی کہ یہہ الزام کسی دوسری قوم کے سر منڈہا جاوے مسلمانون ...
جب مصر و اسکندریہ فتح کیا تو کتب خانہ مذکور کا وہان نام و نشان نہ تہا متعصب عیسائی ...
اس گم شدگی کو فاتحان اسلام کیطرف منسوب کر دیا اور چونکہ اوس زمانے مین تمام یورپ ...
تعصب سے لبریز تہا اور کسی قسم کی علمی ترقی کا اثر نہ تہا اس لیئے کسی نے غور و تحقیق
کی پروا نہ کی اور نہایت تیزی سے یہہ روایت تمام یورپ مین پہیل گئی - یورپ نے
اس ہمدردی سے اس واقعہ کا ماتم کیا کہ گویا وہ اونہی کا خاص کتب خانہ تہا - چنانچہ عوام ...
آج تک یہی خیال ہی - اس عام شہرت نے یہہ بڑا فائدہ دیا کہ عیسائیون کیطرف اس الزام ...
کے منسوب کرنیکا کسی کو خیال بہی نہ آیا - کیونکہ ظاہراً یہہ ایک بدیہی بات ہی کہ کوئی ...
اپنا سرمایہ آپ نہین برباد کر سکتی -

اب اس فرضی واقعے کو جسکی صدا سے کسی زمانے مین تمام یورپ گونج رہا تہا تحقیق
کرو کہ اسکی اصل کیا ہی - افسوس کچہہ بہی نہین!!! لیکن یہان ایک سوال خود بخود پیدا

ہوتا ہی کہ ایک فرضی واقعہ کا اتنی مدت تک تمام ممالک یورپ مین اس طرح مشہور و مسلم رہنا کیونکر ممکن ہی؟ — یہ سوال بظاہر مشکل ہی لیکن اوسکا جواب بہت آسان ہی یورپ کے عہد ظلمت تک تو اس شہرت پر کچھہ تعجب نہین اوس وقت ایسی اور بھی سیکڑون بیہودہ روایتین شائع تہین اور عموماً تسلیم کیجاتی تہین جیسا کہ ہم اس مضمون کے شروع مین لکھہ آئے ہین — تہذیب و ترقی کے زمانے سے اسپر بحثین شروع ہوئین اور بڑے بڑے نامور مصنفین نے اسکی صحت سے انکار کیا۔ البتہ یہ تعجب ہی کہ اب بھی کچھہ لوگ اسکی صحت کے قائل ہین حالانکہ اوسکے بطلان کا قطعی فیصلہ ہوجانا چاہیئے تہا۔

لیکن اسکی دو وجہین ہین اوّل تو یہ کہ تہذیب و ترقی کے زمانے مین بھی جاہلیت کے آثار بالکل فنا نہین ہوجاتے اور نہ ایسا ہونا ممکن ہی — دوسری بڑی وجہ یہ ہی کہ تاریخی واقعات کے متعلق یورپ کا جو طرز بحث ہی وہ (اکثر) کسی پہلو کا قطعی فیصلہ نہین ہونے دیتا۔ اصل روایت کو چھوڑکر درایت و قیاسات پر بحثین شروع ہوجاتی ہین اور بہت سی فروعی باتین بحث طلب قرار پاجاتی ہین — رفتہ رفتہ ایک بڑا سلسلہ تیار ہوجاتا ہی اور اصل بحث غیر منفصل رہ جاتی ہی — اس مسئلہ مین بھی ایسا ہوا چنانچہ اسکی تفصیل آگے آتی ہی۔

یورپ مین ایک مدت سے یہ مسئلہ زیر بحث ہی اور اکثر مصنفون نے اوسکے متعلق مستقل مضامین لکھے مسلمانون کے متعلق جو عام تاریخین لکھی گئی ہین اون مین

اورمنین بہی اکثر اسکا ذکر آجاتا ہی اور مصنفین اس روایت کی نقل کرنیکے بعد اپنی خاص رائے (موافق یا مخالف) بیان کرتے ہین - اس قسم کی جسقدر تحریرین ہماری نظر سے گذرین اجمالاً اونکا ذکر کرنا مناسب ہوگا کیونکہ ہمارے مضمون مین اکثر جابجا اونکے حوالے آئینگے - اسی لحاظ سے ہم ان کتابون کے مقامات بقید صفحات و اڈیشن لکھتے ہین -

سب سے پہلے مسٹر گبن نے جو ۱۷۹۴ء مین فوت ہوا اس واقعے سے انکار کیا اور اپنی تاریخ رومن امپائر حصہ مسلمانان فتح اسکندریہ کے بیان مین اسکے متعلق مختصر مگر محققانہ ریمارک کیا -

پروفیسر وائٹ نے اسکے ثبوت مین ایک مفصّل آرٹکل لکھا - (دیکھو)

Aegyptiaca or Observation on certain antiquities of Egypt by J. White D.D. Professor of Arabic in the University of Oxford 1801

Successors of Mohamad by Washington Irving Page 113 Printed by Bell & Sons London. واشنگٹن ارونگ

(The Saracens Second Edition Page 254 Story of nation Series edited 1889.) آرتھر گلین ایم - اے

(History of Arabia, Ancient and Modern Vol 1 Page 393 by Andrew Crichton.) سٹرکرچٹن

History of the Conflict between religion and science 20th Edition London 1887 Page 104 & 103 By Draper L. L. D. Professor Newyark College America. ڈریپر

اسپکٹاٹیر جو لنڈن کا مشہور اخبار ہی اوسمین متعدّد مباحثے اسکے متعلق شائع ہوے جنمین سے بعض موافق تھے اور بعض مخالف

(دیکھو اسپکٹیٹر پرچہاے ۲ جون ۱۸۸۹ء اور ۲۳ جون ۱۸۸۹ء)

برٹش انسائیکلوپیڈیا ذکر اسکندریہ۔

میسو سیدیو نے جو فرانس کا مشہور عالم ہی اور جسنے اسلام کی نہایت جامع اور مفید تاریخ لکھی ہی اسپر مورخانہ نکتہ چینی کی (دیکھو *Histoire Generale Des Arabes Par L. A. Sedillot Tom. I Paris 1877 P. 155*

پروفیسر ڈساسی فرانس کے مشہور عربی دان نے اس واقعہ کے متعلق مفصل بحث لکھی (دیکھو پروفیسر ڈساسی *Desacy* کا ترجمہ و نوٹ کتاب عبداللطیف بغدادی مطبوعہ پیرس ۱۸۱۰ء صفحہ ۲۴۳۔

سب سے زیادہ جامع اور مفصل وہ آرٹکل ہی جو مسٹر کریل جرمنی نے اورینٹل کانفرنس مین پیش کیا۔ یورپ مین دس پندرہ برس سے ایک کانگریس قائم ہی جسکا مقصد یہہ ہی کہ ایشیا کی تاریخ کے متعلق نادر اور مفید تحقیقات بہم پہنچاوے۔ اس کانگریس کا چوتھا اجلاس ستمبر ۱۸۷۸ء مین بمقام فلارنس منعقد ہوا تہا۔ اوسکے ایک اجلاس مین مسٹر کریل نے جو جرمن کے مشہور عربی دان عالم ہین اس بحث پر جرمن زبان مین ایک رسالہ پیش کیا جو کانگریس کی رپورٹ کے ساتھہ شائع ہوا ہی۔ چنانچہ اوس رسالہ کا ترجمہ بعینہٖ اس مضمون کے اخیر مین ضمیمہ کے طور پر شامل ہی۔

اس مقام پر مجھہ کو یہہ بھی ظاہر کر دینا ضرور ہی کہ مسٹر کریل کے مضمون کا ترجمہ میری درخواست کے موافق میرے معزز دوست ۔ نہین بلکہ میرے مخدوم شمس العلما مولانا سید علی بلگرامی جیالوجسٹ ۔ بی ۔ اے ۔ بی ایل ۔ انسپیکٹر جنرل معدنیات حیدرآباد دکن نے کیا ہی جو واقفیت السنہ مختلفہ کے لحاظ سے ہمارے ماننے کے فارابی و کندی ہین ۔ فرنچ تصنیفات کے متعلق مجھہ کو مجبوراً کہنا پڑتا ہی کہ مین نے ٹوٹی پھوٹی فرنچ سیکھہ لی ہی اور اسلیئے اونسے متمتع ہونا میرے لیئے چندان دشوار نہ تھا ۔

مقدم اور ضروری بحث

اس روایت کے متعلق سب سے مقدم اور ضروری بحث یہہ ہی کہ اوسکا اصلی مخرج یورپین تاریخین ہین یا عربی تاریخین ؟ یہہ سوال اگرچہ نہایت ضروری اور سوال ہی لیکن بحث طلب نہین کیونکہ مخالف و موافق دونون نے اس سوال کا یکسان جواب دیا ہی ۔ یورپ کے عام مورخین موافق ہون یا مخالف اس سے انکار نہین کرتے کہ اونکے پاس اس روایت کا کوئی مخرج نہین ہی اور وہ اس مرحلہ مین صرف عربی تاریخون کے دست نگر ہین ۔ لیکن اسبات کے ثابت کرنے سے پہلے ہم بتانا چاہتے ہین کہ یورپ مین یہہ قصہ کیونکر مشہور ہوا اور کس ذریعہ سے ؟

یورپ مین اول اول اس واقعہ کو ابوالفرج نے مشہور کیا ۔

سب سے پہلے جسنے یورپ مین اس واقعہ کو مشہور کیا وہ ابوالفرج ہی ۔ اسکی مختصر لایف یہہ ہی کہ وہ یہ ایک یہودی طبیب ہارون نامی کا بیٹا تھا ۔ اور شہر ملطیہ مین ۶۲۳ھ مین پیدا ہوا ۔ چونکہ اوسکا باپ ترک مذہب کر کے عیسائی ہو چکا تھا اسلیئے ابوالفرج نے شروع ہی سے عیسائی مذہب کی تعلیم پائی ۔ اوسنے اپنے مذہبی علوم کے علاوہ عربی ۔ سریانی ۔ زبان مین نہایت کمال پیدا کیا اور اپنی لیاقت کی وجہ سے اکیس ہی سال کی عمر مین گویا کا بشپ مقرر ہوا

اور رفتہ رفتہ ما فریان سکے درجہ تک ترقی کی جسکے بعد صرف بطریق پٹریارک کا رتبہ باقی رہجاتا ہے

ابوالفرج نے سریانی زبان مین ایک نہایت بسیط تاریخ لکھی جسکا ماخذ سریانی۔ عربی۔ فارسی

ابوالفرج کی مختصر تاریخ

اور یونانی کتابین تہین۔ اس بڑی کتاب کا اوسنے عربی زبان مین ایک خلاصہ لکھا جسکا نام مختصر الدول ہی اور جسکو ڈاکٹر پوکاک پروفیسر اکسفورڈ کالج نے سنہ ۱۶۶۳ء مین لاٹن ترجمہ کے ساتھہ چھاپا۔ اس خلاصے کے مختلف نسخے ہین اور سب ناکامل ہین اور بعض واقعات اصل سریانی کتاب سے زائد ہین۔ یہہ امر مشتبہ ہی کہ یہہ زائد واقعات خود ابوالفرج نے بڑہاتے یا کسی اور نے الحاق کیئے۔

یہی خلاصہ ہی جسمین سب سے اول اسکندریہ کے کتبخانے جلائے جانیکے واقعہ کا ذکر کیا گیا ہی اور اسی کے لاٹن ترجمہ کے ذریعہ سے تمام یورپ مین یہ روایت پہنچی۔ مسٹر گبن اپنی تاریخ مین لکھتے ہین کہ جب سے ابوالفرج کی تاریخ لیٹن مین ترجمہ ہوکر دنیا مین شائع ہوئی یہہ قصہ بار بار منقول ہوا ہی۔ واشنگٹن اروِنگ وارتھر گلین ایم اے و مسٹر کرجٹن اور بہت سے یورپین مصنفین نے صاف تصریح کی ہی کہ یورپ مین یہ روایت ابوالفرج کے ذریعہ سے پہونچی۔ یہہ زمانہ یورپ کی نہایت تعصب اور جہالت کا زمانہ تہا اور اسلیئے وہان مسلمانون کے متعلق تمام اس قسم کی روایتین صحیح ہون یا غلط فورًا قبول کرلیجاتی تہین جنسے مسلمانونکی نسبت نفرت انگیز خیالات پیدا ہون۔ غرض یورپ کے ہر حصہ مین یہہ واقعہ مشہور ہوگیا اور نہایت تیزی سے وہ یورپین لٹریچر کا عنصر بنگیا۔ اس واقعہ کو جس عبارت مین ابوالفرج[1] نے لکھا ہی

[1] دیکھو تاریخ مختصر الدول مصنفہ ابوالفرج مطبوعہ لندن سنہ ۱۶۶۳ع صفحہ ۱۸۰ و ۱۸۱۔

اوسکا لفظی ترجمہ یہہ ہی۔

"اور اس زمانہ مین عربون مین یحیی نحوی جو ہماری زبان مین عرماطیقوس کے لقب سے ملقب ہی مشہور ہوا۔ وہ اسکندریہ کا رہنے والا تہا اور یعقوبی عیسائیون کا عقیدہ رکہتا تہا اور سماوری کے عقیدہ کی تائید کرتا تہا۔ پہر عیسائیون کے عقیدہ تثلیث سے منکر ہوا۔ اسپر مصر مین تمام پادری جمع ہوے اور اوس سے درخواست کی کہ اس عقیدہ سے باز آوے اوسنے نہ مانا۔ اسپر پادریون نے اوسکا رتبہ گھٹا دیا۔ وہ بہت دنون تک زندہ رہا۔ یہانتک کہ عمرو بن العاص نے اسکندریہ کو فتح کیا۔ وہ عمرو کے پاس حاضر ہوا عمرو اوسکی لیاقت سے واقف ہو چکا تہا اسلیئے اوسنے اوسکی بہت عزت کی اور اوس سے وہ فلسفیانہ بحثین سنین جس سے اہل عرب کبہی آشنا نہ تھے۔ عمرو کے دلپر اون بحثون نے بہت اثر کیا اور وہ اوسپر فریفتہ ہو گیا۔ عمرو عاقل خوش فہم صحیح الفکر شخص تہا اسلیئے اوسنے یحیی کی صحبت کو لازم پکڑ لیا اور اوسکو اپنے پاس سے جدا نہ کرتا تہا۔

ابوالفرج کی اصل عبارت کا ترجمہ

ایک دن یحیی نے عمرو سے کہا کہ اسکندریہ کے تمام قسم کی چیزون پر آپ قابض ہین سو جو چیزین کہ آپکے کام کی ہین مین اوسنے تعرض کرنا نہین چاہتا لیکن جو چیزین آپکے کام کی نہین اوسکے تو ہمین لوگ زیادہ مستحق ہین۔ عمرو نے کہا تمکو کیا درکار ہی۔ یحیی نے کہا فلسفہ کی وہ کتابین جو شاہی کتب خانون مین ہین۔ عمرو نے کہا اس امر کی نسبت مین امیر المومنین عمر بن الخطاب کی اجازت کے بغیر کوئی حکم نہین دیسکتا۔ عمرو نے یحیی کی درخواست کی اطلاع عمر بن الخطاب کو دی۔ وہان سے جواب آیا کہ "جن کتابون کا تمنے ذکر کیا ہی اگر وہ خدا کی کتاب کے موافق ہین تو خدا کی کتاب کے ہوتے اونکی کوئی ضرورت نہین اور اگر اونکے مضامین۔ خدا کی کتاب کے مخالف ہین تو تم اونکو برباد کرنا شروع کرو"۔ عمرو بن العاص نے اون کتابونکو

اسکندریہ کے حماموں مین تقسیم کرنا اور اونکو جلوانا شروع کیا۔ پس وہ چھ مہینے کی مدت مین جلکر تمام ہوین۔ سو جو کچھ ہوا اوسکو سنو اور تعجب کرو"

یہہ واقعہ اسی طرح برابر تسلیم ہوتا آتا تھا اور کسیکو اوسکی نسبت تحقیق و تفتیش کا خیال تک نہ آیا۔ سب سے پہلے مشہور مؤرخ گبن نے جو تاریخ کے طرز خاص کا بانی ہی۔ اس واقعہ کو تحقیق کی نگاہ سے دیکھا اور لکھا کہ "مین اس واقعہ کی اصلیت اور اوسکے نتائج دونون کے انکار کیطرف مائل ہون" گبن نے اپنے انکار کی مختلف وجہین قائم کین جنمین سے ایک یہہ ہی کہ ابوالفرج واقعہ مبحوث فیہ کے پانسو برس بعد پیدا ہوا اور اوسکے سوا کسی اور مورخ حتی کہ خود عیسائی مورخون نے اس واقعہ کا کہین ذکر نہین کیا۔ اسلیے ابوالفرج کی شہادت کیونکر معتبر ہوسکتی ہی گبن کے اس انکار کے بعد یورپ خواب غفلت سے چونکا اور متعدد علما اوسکی تحقیق مین مصروف ہوے۔ اگرچہ گبن کے بعد اس واقعہ کے متعلق دو فریق موافق و مخالف قائم ہوگئے لیکن چونکہ اسقدر عموماً مسلم تھا کہ پہلی صدی ہجری مین اسلام کے متعلق یورپ مین کوئی تصنیف نہین لکھی گئی اور یہی وجہ ہی کہ آنحضرت اور خلفاے راشدین کے حالات مین آج تک یورپ مین جسقدر تاریخین لکھی گئین یا لکھی جارہی ہین عموماً اسلامی تصنیفات سے ماخوذ ہین۔ اسلیے خود اوس فریق کو بھی جو اس واقعہ کو صحیح ثابت کرنا چاہتا تھا عربی ہی تاریخون کی طرف رجوع کرنا پڑا۔ مسٹر کرٹن جنہون نے گبن کے انکار پر نہایت غصہ ظاہر کیا اپنی کتاب تاریخ اسلام مین لکھتے ہین۔ اگر یہہ واقعہ صرف اوس اجنبی شخص (ابوالفرج) کے بیان پر جسنے چھ سو برس کے بعد اس واقعہ کو تحریر کیا ہوتا تو ہمکو آرمنیا کے مؤرخ (ابوالفرج)

سب سے پہلے گبن نے اس واقعہ سے انکار کیا۔

اہل یورپ اس واقعہ کی روایت کو صرف عربی تاریخون سے ماخوذ بتاتے ہین۔

کے بیان کے تسلیم کرنے مین تامل ہوتا لیکن یہہ واقعہ صرف اوسکی سند پر مبنی نہین ہی بلکہ برخلاف اسکے مقریزی اور عبداللطیف نے جنھون نے مصر کی تاریخ قدیم پر تصنیفات لکھی ہین اس واقعہ کو بیان کیا ہی مسٹر کریل نے نہایت انصاف کے ساتھہ علانیہ اسکا اعتراف کیا ہی وہ لکھتے ہین کہ جہانتک مجھے یاد ہی یہہ واقعہ پہلے پہل عبداللطیف کی تاریخ مین جو اس واقعہ کے پانسو برس بعد پیدا ہوا مذکور ہوا ہی"۔

اس امر کے طے ہوجانیکے بعد کہ اس واقعہ کا ماخذ جو کچھہ ہی صرف عربی تاریخین ہین ہمکو اس بحث کا فیصل کرنا نہایت آسان ہی کیونکہ عرب کی تصنیفات سے واقف ہوجانیکا استحقاق یورپ کی بہ نسبت ہمکو زیادہ ہی وصاحب البیت ادری بما فیھا "گھر کا حال گھر کا آدمی خوب جانتا ہی"۔

یورپین مصنفین جنھون نے اس واقعہ کو ثابت کرنا چاہا ہی سند مین عبداللطیف بغدادی مقریزی۔ حاجی خلیفہ کا نام لیا ہی اور کہا ہی کہ "یہہ مورخین نہایت معتبر ہین اور انکی شہادت سے انکار نہین کیا جاسکتا"۔ مین نے جہان تک دیکھا اور پڑھا یورپ نے ہمیشہ انھی مورخین کا نام لیا ہی۔ ایک ناواقف انگریز نے ابن خلدون کا بھی حوالہ دیا ہی اور جھوٹ سے شرم نہ کرکے لکھا ہی کہ "ابن خلدون نے حضرت عمر کے حالات مین یہہ روایت بیان کی ہی"۔ لیکن ابن خلدون کی تاریخ ایک عام اور مشہور کتاب ہی حضرت عمر کی تمام تاریخ مین اس واقعہ کے متعلق ایک حرف بھی مذکور نہین غرض ابن خلدون کے علیحدہ کرنیکے بعد صرف تین مذکورہ بالا مصنفین پر اس روایت کا مدار رہ جاتا ہی۔ اب ہم مورخانہ اصول سے اس روایت کی تحقیق پر متوجہ ہوتے ہین جسکے ذیل مین ہم یہہ بھی دکھائینگے کہ یورپین مورخین نے ان مصنفون سے استناد کرنے مین

کسقدر تدلیس اور فریب سے کام لیا ہی۔

واقعات تاریخی کے ثابت کرنیکے دو طریقے ہین ۔ روایت ۔ و درایت ۔ **روایت** سے یہہ مطلب ہی کہ جو واقعہ بیان کیا جاتا ہی اوسکی سند اوس شخص تک پہونچائی جاسکے جو خود اوس واقعہ مین موجود رہا ہو ۔ عرب کی تمام مستند تاریخین اسی اصول پر لکہی گئی ہین اور یہی وجہ ہی کہ اون مین اخبرنا و حدثنا کے ذریعہ سے سند کا تمام سلسلہ مذکور کیا جاتا ہی اور اون تمام راویون کا نام لیا جاتا ہی جنکے ذریعہ سے واقعہ کی سند اوس شخص تک پہونچتی ہی جو خود اوس واقعہ مین شریک تہا ۔ چوتہی صدی تک اسلامی تاریخون کا یہی طرز رہا اور گو زمانہ مابعد مین اوسکا رواج کم ہو چلا لیکن گذشتہ تین صدیون کے واقعات مین ابتک اسکا لحاظ ہی یعنی اوس زمانہ کے اونہی واقعات کا اعتبار کیا جاتا ہی جو سلسلۂ سند کے ساتہہ ثابت ہون۔

درایت سے یہہ غرض ہی کہ جو واقعہ بیان کیا جاتا ہی اوسپر اس لحاظ سے غور کیجایئے کہ وہ طبیعت انسانی کے اقتضا ۔ زمانہ کی خصوصیتون منسوب الیہ کے حالات ۔ اور اس قسم کے اور قرائن کے ساتہہ مطابقت رکہتا ہی یا نہین ؟ ۔ اگر وہ واقعہ اس معیار پر پورا نہین اترتا تو اوسکی صحت مشتبہ ہو گی یعنی احتمال ہو گا کہ روایت کے تغیرات نے واقعہ کی صورت بدل دی ہی ۔

اس واقعہ کی تحقیق مین بہی ہمکو انہی دو اصول سے کام لینا چاہیئے ۔

اس واقعہ کی تحقیق م[...]
روایت کے لحاظ[...]

چونکہ اس بحث مین مقدمہ کے دو فریقون مین سے ایک نافی اور دوسرا مثبت ہی اور چونکہ اس قسم کے مقدمات مین بار ثبوت ہمیشہ اوس فریق پر ہوتا ہی جو ثبوت کا مدعی ہی اس لیئے اول ہمکو اون شہادتون پر غور کرنا چاہیئے جو واقعہ کے اثبات مین پیش کیجاتی ہین ۔ ہمکو جہانتک

معلوم ہی (اور ہم دعوی کے ساتھہ کہہ سکتے ہین کہ کوئی شخص اس بحث مین اس سے زیادہ ثابت
نہین کرسکتا) یورپ کے تمام مصنفین جو اس دعوی کو ثابت کرنا چاہتے ہین اونکی دلیل روایت
کی حیثیت سے صرف اسقدر ہی کہ اُس واقعہ کو عبداللطیف بغدادی ۔ مقریزی ۔
حاجی خلیفہ نے بیان کیا ہی اب امور تنقیح طلب یہہ ہین کہ کیا ان مصنفون نے اس واقعہ کے
متعلق ایسا کوئی بیان کیا ہی جو شہادت مین پیش ہوسکتا ہی؟ اور کیا اس واقعہ کے متعلق
اونکی شہادت کافی ہی؟ یورپ کے مورخین نے جو اس واقعہ کے مدعی ہین فریب آمیز طور پر بار بار
عبداللطیف ۔ مقریزی ۔ حاجی خلیفہ کا نام لیا ہی ۔ اور جنکو انکار ہی وہ ان مصنفون کی شہادت
کو قابل اعتبار نہین سمجھتے اور اس طریقہ بحث نے اون یورپین مورخون کی فریب آمیزی پر
پردہ ڈال رکھا ہی کیونکہ بحث اسپر محدود ہوگئی کہ عبداللطیف وغیرہ قابل سند ہین یا نہین
حالانکہ پہلی یہ تحقیق ضروری تھی کہ عبداللطیف وغیرہ نے کوئی شہادت بھی دی ہی یا نہین
پہلی ضروری بحث یہہ ہی کہ کیا ان تینون مصنفون کا بیان (جنکا بار بار نام لیا جاتا ہی)
تین جداگانہ شہادتین ہین؟ مقریزی کی تاریخ مطبوعہ مصر ہماری پیش نظر ہی اوسنے جلد اول
صفحہ ۱۵ امین عمود السواری کے بیان مین جو اسکندریہ کا ایک مشہور منارہ ہی عمود السواری کے
لفظ سے عنوان قائم کیا ہی اور حرف بحرف وہ عبارت نقل کردی ہی جو اس مینار کے ذکر مین
عبداللطیف نے لکھی تھی عبداللطیف کی تحریر مین محض ضمنی طور پر اسکندریہ کے کتب خانہ کا
ذکر آگیا تھا چونکہ مقریزی نے حرف حرف عبداللطیف کی عبارت نقل کی ہی اسلیئے کتبخانہ کے
متعلق جو عبارت ہی وہ بھی اوسیطرح منقول ہوگئی ہی ۔ اسی بنا پر سیسو لانگل نے جو فرانس کا

مشہور عالم ہی مجبورانہ تسلیم کیا ہی کہ مقریزی کا بیان کوئی مستقل شہادت نہین بلکہ صرف عبداللطیف کے فقرہ کی نقل ہی + سیسو لانگل کتبخانہ اسکندریہ کی بحث مین ہماری مخالف ہین لیکن اونکو مجبورًا یہ امر تسلیم کرنا پڑا ہی جن یورپین مورخون نے مقریزی کی اصل کتاب نہین دیکھی وہ ایمان بالغیب کے طور پر بار بار مقریزی کا نام لیتے ہین لیکن سیسو لانگل ایسا نہین کر سکتا تھا کیونکہ اوس نے مقریزی کی کتاب کو خود پڑھا تھا ۔ مقریزی نے اسی کتاب مین اسکندریہ کی فتح کا حال نہایت تفصیل سے لکھا ہی لیکن کتبخانہ کے متعلق ایک حرف بھی نہین لکھا جس سے صاف ظاہر ہوتا ہی کہ وہ واقعہ مذکورہ کو تاریخی واقعات کی فہرست مین شمار نہین کرتا ۔

مقریزی کے خارج ہونیکے بعد دو نام رہ جاتے ہین عبداللطیف و حاجی خلیفہ ۔ حاجی خلیفہ کا ذکر اگرچہ اکثر یورپین مورخون نے کیا ہی لیکن اوسکی خاص عبارت کا حوالہ نہین دیا کیونکہ اگر وہ ایسا کرتے تو اونکا دعوی غالبًا کمزور ہو جاتا ۔ ہم پروفیسر ڈساسی کے (جو ایک مشہور فرنچ مصنف ہین اور جو بڑے زور و شور سے اس واقعہ کو ثابت کرنا چاہتے ہین) ممنون ہین جنہون نے اس راز کو ظاہر کر دیا ہی اور حاجی خلیفہ کی عبارت نقل کر دی ہی جسکے اصلی الفاظ یہہ ہین ۔

فکانت العرب فی صدر الاسلام لا تعتنی بشی من العلوم الا بلغتها و معرفة احکام شریعتها و صناعة الطب فانها کانت موجودة	اہل عرب شروع اسلام مین تمام علوم مین سے بجز لغت و احکام شریعت و طب کے کسی علم کے طرف توجہ نہین کرتے تھے صرف یہ علوم بوجہ عام حاجت کے

+ دیکھو پروفیسر ڈساسی کا نوٹ ترجمہ تاریخ عبداللطیف بغدادی صفحہ ۲۴۳ مطبوعہ پیرس سنہ ۱۸۱۰ع

عند افراد منهم لحاجة الناس طرًا اليها وذلك منهم صونا لقواعد الاسلام وعقائد اهله عن تطرق الخلل من علوم الاوائل قبل الرسوخ والاحكام حتى يروى انهم احرقوا ما وجدوا من الكتب فى فتوحات البلاد	بعض لوگون کے پاس موجود تھے۔ اور اسکا یہ سبب تھا کہ چونکہ اسلام کے قواعد اور لوگونکے عقائد کے مضبوط اور راسخ نہین ہو چکے تھے اسلیئے ڈر تھا کہ قدما کے علوم سے اونمین خلل نہ پیدا ہو۔ یہان تک کہ بیان کیا جاتا ہی کہ اون لوگون نے شہرون کے فتوحات مین جو کتابین پائین وہ جلادین۔

اس عبارت مین اسکندریہ کا تو ذکر تک نہین عام طور پر کتابونکے جلانیکا ذکر کیا ہی اور وہ بھی **یروی** کے لفظ سے جو ظاہر کرتا ہی کہ وہ ایک عامیانہ روایت ہی۔ اس عبارت کے طرز اور نظام سے ہرگز نہین پایا جاتا کہ مصنف اس واقعہ کو واقعہ مسلمہ قرار دیتا ہی۔ حاجی خلیفہ شروع زمانہ اسلام کی عدم اعتنا کا ذکر بیان کرتا ہی اور اوسکے ذیل مین ایک عامیانہ روایت کو اوسی عامیانہ حیثیت سے ذکر کر جاتا ہی۔ اسکی بالکل ایسی مثال ہی کہ جس طرح کوئی کہے کہ "نپولین نے مصر مین اسلامی افسری کا دعوی کرنا چاہا اور اسکے لیے بڑے جال پھیلائے یہان تک کہ کہتے ہین کہ اوسنے جامع ازہر مین کلمہ توحید پڑہا اور جماعت کے ساتھ نماز پڑہی" یہہ طرز بیان کا ایک عام طریقہ ہی کہ ایسے موقعون پر ایک مقرر یا مضمون نگار ضعیف سے ضعیف روایت کا بھی ذکر کر جاتا ہی۔ غرض خاص کتب خانہ اسکندریہ کے جلائے جانیکا دعوی۔ حاجی خلیفہ کی طرف منسوب کرنا۔ ایسی تعجب انگیز جرأت ہی جو یورپین مورخون کے سوا اور کسی سے نہین ہو سکتی۔

اب صرف عبد اللطیف بغدادی کی شہادت باقی رہ گئی۔ اور درحقیقت یورپین مورخون

کا اخیر سہارا یہی عبد اللطیف ہی۔ اوسکی حقیقت یہہ ہی کہ عبد اللطیف نے مصر کی ایک تاریخ لکھی ہی جسکا نام کتاب الافادۃ والاعتبار فی الامور المشاھدۃ والحوادث المعائنۃ بارض مصر یہہ کتاب اوسنے ۱۰ شعبان ۶۰۳ ہجری مین تمام کی اور اوسکا موضوع صرف وہ حالات و واقعات ہین جو عبد اللطیف نے خود مصر مین مشاہدہ کیئے۔ اسمین ایک موقع پر عمود السواری کے لفظ سے ایک عنوان قائم کیا ہی اوسکے تمام حالات بیان کیئے ہین اور لکھا ہی کہ اس ستون کے گرد چار سو اور چھوٹے چھوٹے ستون تھے۔ یہ حالات لکھتے لکھتے اخیر مین ضمناً یہہ عبارت لکھی ہی۔

ویذکر ان ھذا العمود من جملۃ اعمدۃ کانت تحمل رواق ارسطاطالیس الذی کان یدرس بہ الحکمۃ وانہ کان دار العلم وفیہ خزانۃ کتب حرقھا عمرو بن العاص باشارۃ عمر بن الخطاب	اور کہا جاتا ہی کہ یہ ستون منجملہ اون ستونون کے ہی جنپر چھت قائم تھی جو ارسطو کا رواق تھا اور جہان ارسطو حکمت کا درس دیا کرتا تھا اور یہہ کہ وہ دار العلم تھا اور اوس مین وہ کتب خانہ تھا جسکو عمرو بن العاص نے عمر بن الخطاب کے اشارہ سے جلا دیا۔

اس عبارت سے ہر شخص سمجھ سکتا ہی کہ عبد اللطیف نے اس واقعہ کو کس حیثیت سے ذکر کیا ہی عبد اللطیف کا یہ تمام قول **یذکر** کے تحت مین ہی جس سے کسی طرح یہ ظاہر نہین ہو سکتا کہ وہ اس واقعہ کو مورخانہ حیثیت سے لکھتا ہی یا اوسکو تسلیم کرتا ہی مسٹر کریل جرمنی اپنے مضمون مین عبد اللطیف کا قول نقل کرنیکے بعد لکھتے ہین "یہ بیان محض علی سبیل التذکرہ معلوم ہوتا ہی اور اس سے خاص کوئی غرض نہین معلوم ہوتی۔ یہ کسی خاص

عبد اللطیف کی اصل عبارت

اصل واقعہ کا یاد دلانا نہین ہی بلکہ محض ایک مشہور بات کا اعادہ کر دینا ہی جسکو اوس زمانہ کے سیاحون نے بارہا کہا ہی اور یہہ من قبیل اوسی قسم کی غیر معتبر اور خلاف عقل بیانات کی ہی جو زمانہ وسطی کے سیاحون مین بیت المقدس کے مقام کے بارہ مین مشہور تہے

ایک مزے کی بات یہہ ہی کہ عبد اللطیف نے چونکہ بازاری گپون کا ذکر کیا اسلیے اس جملہ مین جتنے واقعات بیان کیے اتفاق سے سب غلط تہے۔ نہ یہہ مقام ارسطو کا رواق تہا نہ ارسطو نے کبہی وہان درس دیا ایک مضمون نگار نے جسنے اسپکٹیٹر مورخہ ۱۳ جون مین اس مضمون پر ایک بحث لکہی ہی عبد اللطیف کے بیان کی غلطی سے عجیب لطف سے استدلال کیا ہی۔ وہ کہتا ہی کہ کتب خانہ کا جلایا جانا تو ایک طرف عبد اللطیف نے اسکے ساتہہ اور جو واقعات بیان کیے وہ کونسے سچ ہین!!!

یہہ ہی حقیقت اون سندون اور روایتون کی جن پر یورپین مؤرخون نے چہاؤنی چہا رکہی ہی۔ ان مصنفون نے اس بحث مین جس قسم کی تدلیس سے کام لیا ہی حقیقت مین وہ نہایت تعجب انگیز ہی۔ عبد اللطیف وغیرہ کی جو اصل عبارتین ہمنے نقل کی ہین اونسے ناظرین کو معلوم ہو سکتا ہی کہ مقریزی نے خود اس واقعہ کو نہین بیان کیا بلکہ عمود السواری کے ذکر مین عبد اللطیف کی عبارت نقل کر دی ہی جسمین ضمناً کتب خانہ کا بہی ذکر تہا حاجی خلیفہ نے اسکندریہ کا نام تک نہین لیا البتہ عام طور پر کتب خانون کا ذکر کیا ہی اور وہ بہی **یذکر** کے تحت مین جس سے ظاہر ہوتا ہی کہ وہ کوئی مصدقہ روایت نہین۔

یورپین مؤرخون کی تدلیس اور فریب دہی۔

لیکن یورپین مؤرخون نے عبد اللطیف وغیرہ کا نام ہمیشہ اس حیثیت سے لیا ہی کہ گویا

انہون نے اس واقعہ کی صحت کا دعوی کیا ہی اور اوسپر کوئی مستقل مضمون لکھا ہی۔

پروفیسر ڈساسی نے اپنے نوٹ مین لکھا ہی کہ "جو اعتراضات ابوالفرج کے بیان پر کیے جاتے ہین اون مین یہہ نہایت قوی اعتراض خیال کیا جاتا ہی کہ عرب کے مورخ ایک ایسے عظیم واقعہ کے متعلق خاموش ہین"۔ اسکے بعد پروفیسر ڈساسی اس اعتراض کا جواب دیتے ہین اور فرماتے ہین کہ "لیکن اس اعتراض کا زور یقیناً عبداللطیف اور مقریزی کی شہادت کے بعد گھٹ جاتا ہی" لطف یہہ ہی کہ اسی عبارت کے بعد پروفیسر موصوف لکھتے ہین کہ اگرچہ لوگون کو اس کہنے کا موقع حاصل ہی کہ مقریزی کا قول صرف عبداللطیف کے فقرہ کی نقل ہی"۔

مسٹر کرچٹن لکھتے ہین کہ "یہہ واقعہ صرف سند مذکورہ بالا (یعنی ابوالفرج کا بیان) پر مبنی نہین ہی بلکہ برخلاف اسکے مقریزی اور عبداللطیف نے جنہون نے قدیم تاریخ مصر پر تصنیفات لکھین اس واقعہ کا بیان کیا ہی"۔

پروفیسر وایٹ نہایت بلند آہنگی سے فرماتے ہین کہ "ہم گبن کی منفیانہ دلیل کے مقابلہ مین دو عربی مورخون کی اثباتی شہادت پیش کرنیکی جرأت کرینگے جو ایسے مستند مصنف ہین کہ اونکے مستند ہونے کی نسبت کوئی اعتراض نہین کیا جاسکتا اور دونون مذہب اسلام کے نہایت متعصب پیرو ہین اس سے عبداللطیف و مقریزی کو مراد لیتا ہی جو اس واقعہ یعنی کتب خانہ کے جلانے کے ذکر ہی مین ہمزبان نہین ہین بلکہ ٹھیک اوس مقام کا نشان دیتے ہین جہان کتب خانہ مذکور قائم تہا"۔

پروفیسر وایٹ نے اس موقع پر کس چالاکی سے کام لیا ہی۔ عبد اللطیف نے ایک ستون کے ذکر مین ضمناً افواہی طور پر اس واقعہ کا ذکر کیا ہی پروفیسر وایٹ اوسکو اس قالب مین ڈہالتے ہین جس سے ایک ناواقف شخص کو یہہ گمان ہوگا کہ عبد اللطیف نے مستقل طور پر اس واقعہ کو ثابت کرنا چاہا ہی اور صرف اصل واقعہ کو ثابت نہین کیا بلکہ واقعہ کا موقع و محل بہی متعین کر دیا!!!

اگرچہ یورپ کے اکثر مورخون نے جو اس واقعہ کو ثابت کرنا چاہتے ہین۔ صرف انہین تینون یعنی عبد اللطیف۔ مقریزی۔ حاجی خلیفہ۔ پر استناد کا مدار رکھا ہی اور ہمنے اس موقع پر انہین مصنفون سے بحث کی لیکن بعض یورپین مصنفون نے تدلیس (مخفی فریب) کے میدان مین اَورون سے بڑھکر قدم رکھا ہی اور فریب آمیز طور پر ظاہر کیا ہی کہ اس واقعہ کی تائید کے لیئے اَور بہی متعدد شہادتین موجود ہین۔ مسٹر کرچٹن صاحب اپنی کتاب کے حاشیہ مین فرماتے ہین کہ "ہیرن ڈساسی نے اپنے ایک لمبے نوٹ مین جو اوسنے عبد اللطیف کے ترجمہ پر لکھا ہی (مصر کا بیان صفحہ ۲۴۰) عربی مصنفون کی کتابون سے مختلف شہادتین جمع کی ہین جو پیرس کے شاہی کتب خانہ مین موجود ہین اور ان شہادتون سے ابو الفرج کا بیان قابل اعتبار ثابت ہوتا ہی لیکن مغرور گبن نے ان تصنیفات کو نہین دیکہا تہا"۔

اس عبارت سے ایک ناواقف اور خصوصاً وہ جسکو یورپین مصنفون کے ساتہہ عام خوش اعتقادی ہو بالکل دہوکے مین آجائیگا اور یقین کریگا کہ پیرس کے عظیم الشان کتبخانہ

مین ضرور اس واقعہ کے لیئے بہت کچھہ مادہ موجود ہوگا ورنہ تمام یورپ مین ایسا غلط واقعہ کیونکر مشہور ہوسکتا تھا۔

لیکن ہمارے ناظرین کو پیرس کے پُرشوکت نام سے مرعوب نہونا چاہیئے۔ ڈساسی کا نوٹ اور وہ کتابین جنکا اونہون نے حوالہ دیا ہی ہمارے سامنے ہین بے شبہہ ڈساسی نے اس واقعہ کو بڑے زور شور سے ثابت کرنا چاہا ہی لیکن افسوس ہی کہ جو زور اونکی طبیعت مین ہی وہ دلائل مین نہین ہم اس موقع پر اونکی پوری تحریر کا لفظی ترجمہ نقل کرتے ہین۔

"ابوالفرج نے اپنی تاریخ خاندان عرب مین عمرؓ کے حکم سے کتب خانہ اسکندریہ کی بربادی کی نسبت جو واقعہ بیان کیا ہی اوس مین متعدد مشہور مصنفون نے شک کیا ہی۔ جو کچھ کہ اس واقعہ پر لکھا گیا ہی۔ اوسکے بیان کرنے اور اوسکی حیثیت کے اندازہ کرنے مین ایک بڑی بحث ضرور ہونی چاہیئے۔

وہ دلیلین جنکی بناپر یہ شکوک کیئے گئے ہین اوس جرمن مباحثہ مین مل سکتی ہین جسکو Mch.Rainhard نے ۱۷۹۲ء بمقام Gottingue چھاپا تھا اور اون ریمارکون مین جو اسکندریہ کے قدیم کتب خانون کے متعلق ہین جنکو کہ M.de.Saint Croix نے میگزین انسائیکلوپیڈیا سال پنجم۔ صفحہ ۴۳ مین درج کیا ہی۔ مسیو لانگل M.Langles اور وائٹ White عام خیال کی حمایت کرتے ہین لیکن ابوالفرج کے مبالغہ آمیز بیان کو قبول نہین کرتے۔

ابوالفرج کے بیان پر جو اعتراضات کیئے گئے ہین اون مین یہ اعتراض قوی خیال کیا گیا ہی کہ عرب کے مورخ ایک ایسے عظیم واقعہ کے متعلق خاموش ہین۔ لیکن اس اعتراض کا زور یقیناً عبداللطیف اور مقریزی

کی شہادت کے بعد گھٹ جاتا ہی اگرچہ لوگ یہ کہہ سکتے ہین کہ ظاہرا مقریزی کا وہ فقرہ جیسا کہ مسیو لانگل نے نشان دیا ہی صرف عبد اللطیف کے فقرہ کی نقل ہی۔

مین نہین چاہتا کہ اون بیمار کون سے جنکو کہ مین بیان کرونگا ایک ایسے عالم مصنف (مسیو لانگل مراد ہی) کے ساتھہ میدان مبارزت مین آؤن جسکی مین تہ دل سے نہایت عزت اور محبت رکھتا ہون لیکن مین نے چند اور نئی خاص سندین پیدا کی ہین اور مین یقین کرتا ہون کہ یہہ واقعہ جسطرح کہ ابو الفرج نے بیان کیا ہی گو اوسمین ایسی تفصیلین ہین جو نکتہ چینی کی برداشت نہین کرسکتین تاہم یہہ صحیح ہی کہ وہ ایک تاریخی سچائی پر مبنی ہی اور یہہ کہ عربون نے جب یہہ شہر فتح کرلیا تہا تو عمرو بن العاص نے عمر رض کے فرمان کے مطابق یہ حکم دیا تہا کہ ایک مجموعہ جسمین بہت سی کتابین تہین اور جو اسکندریہ مین تہا آگ پر رکہدیا جائے۔

اسکے بعد پروفیسر ڈساسی نے حاجی خلیفہ اور مقدمۂ ابن خلدون کی عبارت نقل کی ہی اور اوس سے کتبخانۂ اسکندریہ کے واقعہ پر استدلال کیا ہی۔

پروفیسر ڈساسی نے جو نئی خاص سندین پیدا کین اونکے دیکہنے کا ہمکو نہایت شوق تہا مگر افسوس کہ وہ کچہہ نہ نکلین۔ پروفیسر موصوف نے **پیرس** کے اتنے بڑے عظیم الشان کتبخانہ کو چہانکر صرف دو سندین مہیا کین۔ ایک تو وہی حاجی خلیفہ کی عبارت جسکو ہم اوپر نقل کرچکے ہین دوسری مقدمۂ ابن خلدون کا ایک فقرہ جسمین ایک موقع پر ضمناً اور اجمالاً ایران کے کتبخانہ کا ذکر آگیا ہی۔ یہہ بہی عجیب منطق ہی کہ اسکندریہ کے کتبخانہ کے جلائے جانیکا دعوی کیا جائے اور دلیل مین ایران کا نام لیا جائے۔ اگرچہ ابن خلدون کا یہہ قول بالکل غلط اور تمام صحیح اور مستند تاریخون کے خلاف ہی لیکن ہم اس مقام پر اوس سے بحث نہین کرتے کیونکہ ہمارا مضمون اسکندریہ کے کتبخانہ پر ہی نہ ایران پر۔

شاید یہہ کہا جاے کہ پروفیسر ڈساسی نے ابن خلدون کے قول کو تائید ہی شہادت
مین پیش کیا ہی۔ لیکن اوس سے یہہ مقصد بہی حاصل نہین ہوتا کیونکہ اوس سے اگر کوئی نتیجہ
نکلتا ہی تو یہہ نکلتا ہی کہ اسکندریہ کا واقعہ بالکل بے اصل ہی ورنہ جسطرح ایران کا واقعہ ابن
خلدون نے بیان کیا تہا کوئی نہ کوئی عربی مؤرخ اسکندریہ کے واقعہ کا بہی اوسی حیثیت سے
ذکر کرتا۔ حالانکہ عربی کی سیکڑون ہزارون تاریخون مین سے ایک مین بہی اوسکا پتہ نہین چلتا
عبداللطیف و مقریزی کی اصل عبارت جو ہم نے نقل کی وہ تو کسی طرح شہادت مین
پیش نہین کی جاسکتی لطف یہہ ہی کہ خود ابوالفرج جو اس بحث مین ہمارا مدعا علیہ ہی اوسنے بہی
اس واقعہ کو اس حیثیت سے نہین لکہا جس سے ثابت ہو کہ وہ یقینا اوسکو تسلیم کرتا تہا
اور صحیح سمجہتا تہا۔ ابوالفرج کی اصلی تاریخ جو سُریانی زبان مین ہی اور جس مین فتح اسکندریہ کا
حال تفصیلا مذکور ہی اوس مین اس واقعہ کا ذکر تک نہین۔ البتہ اوس تاریخ کا خلاصہ جو عربی
زبان مین ہی اوس مین یہہ واقعہ جیسا کہ ہم اوپر نقل کر آئے مذکور ہی لیکن اوس خلاصہ کی
نسبت کافی اطمینان نہین ہی کہ جو بیانات اوس مین اصل سُریانی تاریخ پر اضافہ کیے گئے ہین
وہ درحقیقت ابوالفرج ہی کے ہین یا کسی اَور نے الحاق کر دیا ہی۔ مسٹر کریل جرمنی اس
خلاصہ کی نسبت لکہتے ہین کہ اُسمین بہت سی ایسی چیزین ہین جو اصل سُریانی مین نہین۔
اور یہہ امر کہ آیا یہہ مقامات زمانۂ مابعد کے الحاق ہین یا خود ابوالفرج نے اونکو بڑہایا ہی بخوبی
معلوم نہین ہوتا کیونکہ اوس خلاصہ کے کل نسخے ناکامل ہین۔ یہہ واقعہ کتب خانہ اسکندریہ
کے جلائے جانیکا جو عربی مین موجود ہی اصل سُریانی مین نہین پایا جاتا۔ اُس عبارت کے

الحاقی ہونیکا گمان اس سے زیادہ قوی ہوجاتا ہی کہ اس عربی خلاصہ کو پروفیسر لوکاک نے اپنے اہتمام و تصحیح سے چہپوایا ہی اور اونکو مسلمانون کے خلاف واقعات گڑھ لینے مین نہایت کمال حاصل تہا۔

یہہ تمام بحث تو اس لحاظ سے تہی کہ عبداللطیف و حاجی خلیفہ نے اس واقعہ کے متعلق کوئی شہادت دی بہی ہی یا نہین۔ لیکن بطریق تنزل اگر ہم یہان بہی لین کہ درحقیقت ان مصنفون نے اوسکو صحیح تسلیم کیا ہی تو دوسری بحث یہہ پیدا ہوتی ہی کہ اس امر کے متعلق ان مصنفونکی شہادت قابل اعتبار ہی یا نہین۔ عبداللطیف بغدادی ۵۵۷ھ ہجری مین پیدا ہوا اور حاجی خلیفہ کو تو دو سو برس سے زیادہ نہین گذرے کون شخص کہہ سکتا ہی کہ ایک ایسے واقعہ کے متعلق جو پہلی صدی ہجری کے شروع مین واقع ہوا ہو وہ شہادت معتبر ہوسکتی ہی جسکو اون لوگون نے بیان کیا ہو جو اصل واقعہ کے پانسو برس بعد پیدا ہوے اور جسکی اون لوگون نے نہ کوئی سند بیان کی ہو نہ کوئی حوالہ دیا ہو۔

عبداللطیف و حاجی خلیفہ کا تاریخ مین کیا رتبہ ہی

ہمکو ان مصنفونکی نسبت یہہ بہی دیکہنا ہی کہ فن تاریخ مین ان کو کیا رتبہ حاصل ہی کیونکہ یورپین مؤرخون نے اس موقع پر بہی تدلیس سے کام لیا ہی۔ وہ بڑے بڑے شاندار لفظون مین حاجی خلیفہ اور عبداللطیف کی تعریف کرتے ہین اور لکہتے ہین کہ اونکی عظمت وشان کے لحاظ سے اونکا قول ضرور تسلیم کے قابل ہی۔ یورپین مصنفون کے اس فریب کی پردہ دری کے لیئے صرف ایک مختصر سا سوال کافی ہی۔ ہم بہی تسلیم کرتے ہین کہ عبداللطیف و حاجی خلیفہ بڑے پایہ کے مصنف ہین مگر سوال یہہ ہی کہ کس فن مین؟ عبداللطیف نے بشبہہ

بہت بڑا طبیب تہا۔ طب مین اوسکی متعدد تصنیفات موجود ہین۔ ابن ابی اصیبعہ نے طبقات الاطبا مین اوسکا مفصل تذکرہ لکہا ہی جس سے اوسکی طبی معلومات اور عظمت شان کا اندازہ ہوسکتا ہی۔ لیکن کیا اوسکو کسی نے مؤرخ کہا ہی؟ کیا اوسنے اپنی تالیف مین کہین فن تاریخ کا تذکرہ کیا ہی۔ اگر یہہ نہین ہی تو تاریخی واقعات مین اوسکی عظمت و شان کس کام آئیگی۔ فارابی و بوعلی سینا کے حوالے سے اگر کوئی تاریخی واقعہ لکہا جائے تو کس حد تک اعتبار کے قابل ہوگا۔

حاجی خلیفہ نے بے شبہہ کشف الظنون نہایت مفید کتاب لکہی ہی لیکن وہ کوئی تاریخ کی کتاب نہین ہی بلکہ اسلامی تصنیفات کی فہرست ہی۔ اسکے سوا حاجی خلیفہ کا کوئی کارنامہ ہمکو معلوم نہین۔ تاریخ مین نہ اوسکی کوئی کتاب ہی نہ کسی نے اوسکو مؤرخون مین شمار کیا ہی۔

حقیقت یہ ہی کہ ہمارے مخالفون کے لیئے یہہ نہایت شرم کی جگہہ ہی کہ اونکو ایک ایسے عظیم الشان واقعہ کے لیئے جو بخیال اونکے چھہ مہینے تک قائم رہا۔ اسلام کی سیکڑون ہزارون تصنیفات مین سے کہین کوئی سہارا ہاتہہ نہ آئے اور بمجبوری اونکو ایک طبیب اور فہرست نگار کے سایئے مین پناہ لینی پڑے۔

واقعہ مفروضہ کے غلط ہونیکا دعوی اور نفی کے دعوی کی طرز ثبوت

یہانتک ہمنے جو بحث کی وہ اس حیثیت سے تہی کہ ہمنے مخالفین کو مدعی قرار دیا تہا کیونکہ اصول مناظرہ کی رو سے درحقیقت وہی مدعی ہین۔ لیکن اس سے بڑھکر ہم خود مدعی بنتے ہین اور دعوی کرتے ہین کہ حضرت عمرؓ کے حکم سے یہہ کتب خانہ برباد نہین ہوا اور نہ کبہی مسلمانون نے اوسکو برباد کیا۔ لیکن پہلے یہہ سمجہہ لینا چاہیئے کہ جو دعوی نفی کی

صورت مین کیا جاتا ہی اوسکے لیے روایۃً و درایۃً استدلال کا کیا طریقہ ہی۔ مثلاً اگر یہ دعوی کیا جائے کہ فلان واقعہ فلان عہد مین نہین ہوا۔ تو اسکی دلیل روایت کے لحاظ سے صرف یہہ ہوگی کہ اوس عہد کے متعلق علم و واقفیت کے جسقدر ذریعہ ہین اون سے اوس واقعہ کا کہین پتہ نہین چلتا۔ اور درایت کے لحاظ سے یہہ کہ تمام قرائن اور شہادتین اوس واقعہ کے ثبوت کے خلاف ہین۔ انہی وجوہ استدلال کے لحاظ سے ہم دعوی کرتے ہین کہ کتب خانہ اسکندریہ مسلمانون کے ہاتھہ سے ہرگز برباد نہین ہوا۔

اسلام کی ابتدائی تاریخین

اسلام مین تصنیف و تالیف کی ابتدا ۱۴۰ھ سے ہوئی اور اسی زمانہ مین تاریخ کی سب سے پہلی کتاب محمد بن اسحق نے لکھی جو آنحضرت کے حالات مین ہی۔ اسکے بعد اور مصنفین نے عام تاریخین لکھین جنمین خلفاے راشدین کی فتوحات و واقعات تفصیل سے مذکور ہین اس دور کی تصنیفات مین سے آج جو موجود ہین یا جنکا نام و نشان معلوم ہی یہ ہین۔

فتوح البلدان بلاذری۔ بلاذری خلیفہ متوکل باللہ کے عہد مین تہا۔ اس تاریخ مین اوسنے تمام واقعات سند متصل کے ساتھہ بیان کیے ہین۔

تاریخ یعقوبی۔ یعنی تاریخ احمد بن ابی یعقوب بن جعفر بن وہب بن واضح کاتب العباسی یہہ مصنف نہایت قدیم مصنف ہی اور مامون الرشید کے درباریون کا ہمعصر ہی اوسنے یہہ تاریخ ۲۵۹ھ ہجری تک لکھی ہی اور غالباً اس سنہ مین وہ موجود تہا۔ یہ کتاب دو جلدون مین ہی اور ۱۸۸۳ء مین بمقام لیدن چہاپی گئی۔

تاریخ ابو حنیفہ دنیوری۔ لیدن مین چہاپی گئی ہی۔

تاریخ کبیر ابوجعفر جریر طبری - یہہ تاریخ اگرچہ مذکورۂ بالا تاریخون سے کسی قدر زمانۂ مابعد کی ہی - کیونکہ اسکے مصنف نے سنہ ۳۱۰ ہجری مطابق ۹۲۲ء مین وفات پائی ہی لیکن اوسنے تمام واقعات سند متصل کے ساتہہ لکہے ہین اور ہر روایت مین تمام راویون کے نام بیان کردیئے ہین - یہ کتاب تمام اون روایتون کا مخزن ہی جو تاریخ اسلام کے متعلق آج موجود ہین یا کبہی موجود تہین - اور اس لحاظ سے یہہ کہنا صحیح ہی کہ تین سو برس کے متعلق جو معتد بہ واقعہ اس کتاب مین نہین ہی وہ داخل تاریخ نہین یہہ ایک نہایت ضخیم کتاب ہی اور اوسکی ۱۳ جلدین ہالنڈ مین چہپ چکی ہین اور متعدد جلدین ابہی اور باقی ہین -

ابن الاثیر و ابن خلدون جنکی تاریخین نہایت معتبر خیال کی جاتی ہین وہ تاریخ طبری ہی کا خلاصہ ہین اور خود ان مؤرخون نے اسکا اعتراف کیا ہی - ان تاریخون کے سوا تاریخ اسلام کے متعلق اور بہی بہت سی کتابین لکہی گیئن لیکن قدیم واقعات کی نسبت اون سبکا ماخذ یہی چند کتابین ہین جنکا ذکر اوپر ہو چکا اور یہہ صریح طور پر خود اون کتابون کے دیکہنے سے معلوم ہوتا ہی -

ان کتابون کے سوا مصر و اسکندریہ کے خاص حالات مین بہت سی کتابین لکہی گیئن انمین سے جس قدر ہم دریافت کر سکے یہہ ہین خطط مصر لابی عمر الکندی المتوفی سنہ ۳۴۶ھ کشف الممالک لابن شاہین المتوفی سنہ ۸۷۳ھ تاریخ مصر لعبد الرحمن الصوفی المتوفی سنہ ۳۴۷ھ تاریخ مصر لمحمد بن برکات النحوی المتوفی سنہ ۵۲۰ھ اتعاظ المتامل الی سنہ ۸۲۰ھ تاریخ مصر لمحمد بن عبد اللہ المتوفی سنہ ۳۴۲ھ - تاریخ مصر للقفطی المتوفی سنہ ۶۴۶ھ تاریخ مصر

[8] تاریخ مصر لقطب الدین الحلبی المتوفی سنہ ۷۳۵ھ - [9] تاریخ مصر لیحیی الحلبی المتوفی سنہ ۶۴۳ ہجری - [10] الانتصار لابن دقماق المتوفی سنہ ۸۰۹ھ - [11] عقود الجواہر - نزہۃ الناظرین - [12] الدرۃ المضیئۃ - [13] اشرف الطرف - [14] نزہۃ السنیۃ - [15] تفریج الکربۃ - [16] فرائد السلوک - [17] بدائع الزہور - [18] تحفۃ الکرام باخبار الاحرام - [19] اعلام بمن ولی مصر فی الاسلام - [20] تاریخ مصر لابراہیم بن وصیف - [21] جواہر البحور - [22] مختار للقضاعی - [23] النقط المعجم - [24] الروضۃ البہیۃ - [25] المواعظ والاعتبار للمقریزی - [26] جواہر الالفاظ - [27] اتعاظ الحنفاء - [28] نجوم الزاہرۃ - [29] تاریخ مصر لابن عبد الحکم - اگرچہ یہہ تمام کتابین آج نہین ملتین لیکن زمانہ مابعد کی متعدد تصنیفات ایسی موجود ہین جن مین تمام قدیم کتابون کی روایتین جمع کر دی گئین ہین مثلاً حسن المحاضرۃ سیوطی جسکے دیباچہ مین خود سیوطی نے لکھا ہی کہ مین نے اٹھائیس تاریخین دیکھین اور ان سے یہ کتاب طیار کی - سب سے مفصل اور مبسوط المواعظ والاعتبار بذکر الخطط والآثار ہی جو مقریزی کی تصنیف ہی اور جس مین مصر و اسکندریہ کے متعلق ایک ایک جزئی واقعہ کا استقصا کیا گیا ہی -

یہہ تمام معتبر کتابین جنکا ذکر اوپر ہوا اور جنکے سوا اس زمانے کے حالات کے دریافت کرنیکا کوئی ذریعہ نہین ہی - ان مین سے کسی کتاب مین واقعہ مبحوث فیہ کا مطلق پتہ نہین چلتا - ان کتابون مین اور خصوصاً طبری و فتوح البلدان بلاذری و حسن المحاضرہ و خطط والآثار للمقریزی - مین اسکندریہ کی فتح کے نہایت تفصیلی حالات مذکور ہین لیکن کتب خانہ کا ذکر تک نہین -

یہہ کتابین تو وہ ہین جن مین اس واقعہ کو (اگر وہ واقع ہوتا) مستقل طور پر مذکور ہونا چاہیے

تہا۔ لیکن جن تصنیفات مین ضمنی اور اتفاقی طور پر اسکا تذکرہ آسکتا تہا اونمین بہی واقعہ مفروضہ کا کہین پتہ نہین چلتا مثلاً حکما اور طبیبون کے حالات مین جو کتابین لکہی گئی ہین اور جنمین یحیی النحوی کا ذکر عموماً کیا جاتا ہی۔ چنانچہ ابو الفرج نے یہ فرضی قصہ جو گڑہا تو اسی یحیی النحوی کے تذکرہ مین گڑہا اور یون بیان کیا کہ یحییٰ نے عمرو بن العاص سے کتب خانہ کے لیئے درخواست کی تہی جسکے جواب مین عمرو نے حضرت عمرؓ کے حکم سے کتب خانہ کے جلانیکا حکم دیا۔ یحییٰ طبیب اور فلاسفر تہا اور عربی زبان مین اوسکی تمام کتابین ترجمہ کی گئین اس لیئے عربی تاریخین جو حکما اور اطبا کے حالات مین ہین اونمین یحییٰ کا مفصل تذکرہ کیا گیا ہی۔ ابن ابی اصیبعہ نے طبقات الاطبا۔ اور ابن الندیم نے کتاب الفہرست مین یحییٰ کے تمام حالات و واقعات اور اوسکی تصنیفات کے نام لکہے ہین۔ اور یہہ بہی لکہا ہی کہ وہ عمرو بن العاص کے پاس حاضر ہوا اور عمرو نے اوسکی بہت کچہہ عزت کی۔ ابن الندیم کے خاص الفاظ یہہ ہین۔

ولما فتحت مصر علی یدی عمرو بن العاص دخل الیہ واکرمہ ورای لہ موضعا۔	یعنی جب مصر عمرو بن العاص کے ہاتہہ سے فتح ہوا تو یحییٰ عمرو کی خدمت مین حاضر ہوا عمرو نے اوسکی عزت و تکریم کی۔

ان تمام تصریحات کے ساتہہ کتب خانہ کا کہین ذکر نہین جس سے علانیہ اس واقعہ کا بالکل بے اصل ہونا پایا جاتا ہی۔

ان تصنیفات کے علاوہ اور قسم کی تصنیفات مثلاً جغرافیون سفرنامون وغیرہ مین بہی گو اس واقعہ کا ذکر ضمناً آسکتا تہا لیکن ان موقعون مین اوسکا نام و نشان تک نہین۔

سچ یہہ ہی کہ اگر یہہ دعوی کیا جایئے تو بالکل سچ ہی کہ عبد اللطیف کی عبارت کے سوا جسکے حقیقت ہم اوپر بیان کر چکے کل اسلام کا لٹریچر اس واقعہ کے ذکر سے خالی ہی! اس سے زیادہ اس واقعہ کے بے اصل ہونیکی کیا دلیل ہوگی؟

عیسائی قدیم ورخون کا سکوت

اس سے بڑھکر یہہ کہ خود عیسائی قدیم تاریخون مین اوسکا پتہ نہین - یوسکس المتوفی سنہ ۹۴۰ ع جو دسوین صدی عیسوی مین اسکندریہ کا بطریق تہا اوسنے اسکندریہ کی فتح کا حال تفصیل سے لکہا ہی - اسیطرح المکین جو واقعہ مفروضہ کے تین سو برس بعد تہا یعنی ابو الفرج سے دو سو برس پہلے اوسنے تاریخ مصر خود مصر مین رہ کر لکہی اور اسکندریہ کی فتح کے حالات نہایت تفصیل سے لکہے لیکن اون دونون کتابون مین واقعہ مفروضہ کے متعلق ایک حرف بہی مذکور نہین - یہہ دونون مصنف متعصب عیسائی تہے جنکی نسبت مسلمانون کے ساتہہ کسی قسم کی بیجا طرفداری کا گمان نہین ہوسکتا - اسکے ساتہہ محقق اور علم دوست تہے اور اونکی نگاہ مین اتنے بڑے بڑے علمی سرمایہ کا ضایع ہونا کوئی معمولی بات نہین ہوسکتی تہی - مصر کے قیام اور ذاتی شوق کی وجہ سے مصر کے حالات کے متعلق اونکے وسائل معلومات نہایت وسیع تہے ان باتونکے ساتہہ ان دونون مورخونکا واقعہ مبحوث فیہ کے متعلق ایک حرف نہ لکہنا صریح اسبات کی دلیل ہی کہ اوسکی کچہہ اصل نہین چنانچہ انصاف پسند یورپین مصنفون مثلاً گبن - کریل - نے اس واقعہ کے بے اصل ہونیکے لیئے عموماً اس سے استدلال کیا ہی -

اس واقعہ کے بے اصل ہونیکی ایک نہایت قوی دلیل یہہ ہی کہ جس کتب خانہ کا جلایا

جانا بیان کیا جاتا ہی وہ اسلام کے دور سے پہلے ہی برباد ہوچکا تہا۔ اسکی حقیقت
یہہ ہی کہ یہہ کتب خانہ شاہان مصر نے جو بت پرست اور بہت سے خداؤن کے ماننے
والے تہے قائم کیا تہا۔ جب مصر مین عیسائیت کا دورہ ہوا تو عیسائی بادشاہون
نے تعصب مذہبی کی وجہ سے ان کتابونکی بربادی شروع کی اور اونکے اس ارادہ کو
پادریون نے اور بہی اشتعال دیا۔

کتب خانہ مذکور اسلام سے پہلے برباد ہوچکا تہا۔

چنانچہ یورپ کے بڑے بڑے نامور مصنفون اور مورخون کو تسلیم کرنا پڑا کہ
یہہ کتب خانہ اسلام سے پہلے برباد ہوچکا تہا۔ سورنیان جو فرانس کا ایک مشہور
عالم ہی اوسنے ایک دفعہ یونیورسٹی مین اس عنوان پر لکچر دیا تہا "اسلام اور علم"۔
یہہ لکچر ایک رسالہ کی صورت مین بمقام پیرس ۱۸۸۳ء مین چہپا ہی۔ اگرچہ یہہ لکچر مسلمانونکے
برخلاف نہایت تعصب آمیز تہا یعنی اوسمین نہایت شد و مد سے یہ ثابت کیا تہا کہ
اسلام اور علم کبہی جمع نہین ہوسکتے تاہم اس متعصب شخص نے کتب خانہ اسکندریہ کے
متعلق یہ الفاظ کہے۔ "اگرچہ یہ بار بار کہا گیا ہی کہ عمرو نے کتب خانہ اسکندریہ کو برباد
کرادیا لیکن یہہ صحیح نہین۔ کتب خانہ مذکور اس زمانہ سے پہلے ہی برباد ہوچکا تہا"۔

اس شاہی کتب خانہ کی تفصیلی کیفیت مسٹر کریل نے اپنے مضمون مین لکہی ہی اور
اوسکے عہد بعہد کی بربادی کا ذکر نہایت تفصیل سے کیا ہی لیکن چونکہ مسٹر کریل
کا مضمون ہمارے رسالہ کے اخیر مین بطور ضمیمہ شامل ہی اسلیئے ہم اوسکو یہان نقل نہین
کرتے۔ اس کتب خانہ کا برباد ہونا ایسا یقینی امر ہی جس سے وہ یورپین مورخین بہی

بھی انکار نہین کر سکے جو اس واقعہ کے اثبات کے درپے ہین - مسٹر ڈریپر اپنی کتاب مین
لکھتے ہین کہ جولیس سیزر نے نصف سے زیادہ کتابین جلادی تھین اور اسکندریہ کے
بطریقون نے نہ صرف قریبًا کل باقی کتابون کے منتشر ہونیکی اجازت دی بلکہ اپنی نگرانی
مین اونکو منتشر کرایا - اور دسیس صاف بیان کرتا ہی کہ بیس سال بعد اس واقعہ کے
تھیوفلس نے شہنشاہ تھیوڈوسس سے تحریری اجازت کتب خانہ مذکور کی بربادی
کی حاصل کی تھی - مین نے اوسکی الماریان اور خانے خالی دیکھے "

چونکہ اس کتب خانہ کی بربادی یقینی امر تھا اس لیئے مخالفون نے ایک اور فریب
سے کام لیا یعنی یہ دعوی کیا کہ عمرو نے جو کتب خانہ تباہ کیا وہ شاہی کتب خانہ نہ تھا
بلکہ سراپیم کا کتب خانہ تھا چنانچہ اسپکٹیٹر کے مضمون نگار نے ابوالفرج کی حمایت مین سراپیم
ہی کے کتب خانہ کا حوالہ دیا ہی - لیکن یہہ توجیہ القول بمالا یرضی قائلہ ہی کیونکہ
ابوالفرج نے اپنی تاریخ مین جہان یہ لکھا ہی کہ یحیی النحوی نے عمرو بن العاص سے
کتابونکے لیئے درخواست کی وہان صاف یہہ الفاظ لکھے ہین - کتب الحکمۃ التی
فی خزائن الملوکیۃ - یعنی فلسفہ کی وہ کتابین جو شاہی خزانون (کتب خانون) مین ہین
لیکن اگر ہم تسلیم ہی کرلین کہ یہ حکایت سراپیم کے کتب خانہ کی نسبت ہی تاہم ہمارے
مخالفون کو یہ ثابت کرنا مشکل ہوگا کہ سراپیم کا کتبخانہ فتح اسکندریہ کے وقت موجود تھا
بلکہ برخلاف اسکے یہ ثابت ہوگا کہ کتب خانہ مذکور کل یا قریب کل کے پہلے ہی برباد ہوچکا تھا
مسٹر گریل - لکھتے ہین کہ سراپیم اور اوسکے کتب خانہ کا حال اس وقت تک تاریکی

سراپیم کے کتب خانہ کا ذکر -

مین پڑا ہوا ہی - یہہ تو معلوم ہی کہ سرا پیم کا معبد جس سے وہ کتب خانہ متعلق تھا
تھیوڈوسیس کے عہد مین ۳۸۹ء مین گرجا بنا دیا گیا تھا لیکن یہہ امر کہ آیا اس تبدیل
کیوقت وہ کتبخانہ وہان موجود تھا یا ضائع ہوگیا تھا یا کتابین قسطنطنیہ کو منتقل ہوگئی
تھین - مطلق ثابت نہین ہوتا - یہہ اخیر خیال یعنی کتابون کا قسطنطنیہ جانا زیادہ تر قرین
قیاس ہی کیونکہ تھیوڈوسیس ثانی نے جو کتبخانہ پانچوین صدی مین بمقام قسطنطنیہ قائم کیا
وہ زیادہ تر مصر و ایشیاے کوچک کی کتابون سے تیار ہوا تھا -

مسیو سڈیو فرانسیسی نے یہ تسلیم کرکے کہ کتب خانہ مبحوث فیہ سرا پیم مین تھا لکھا ہی
کہ کسی ہمعصر مورخ نے اس واقعہ (یعنی عمرو بن العاص کا کتب خانہ کو برباد کرنا) کو بیان
نہین کیا لیکن اگر وہ صحیح بھی ہوتا ہم وہ صرف معدودے چند کتابون سے متعلق ہوگا
کیونکہ اوس کتبخانہ کے حصے ۳۹۰ء مین سیزر کے عہد مین اور تھیوڈوسیس کے
عہد مین برباد ہو چکے تھے"۔

واقعہ مفروضہ کی تحقیق اصول درایت سے

اب ہم اصول درایت کے معیار سے اس واقعہ کی صحت و عدم صحت کا اندازہ
کرنا چاہتے ہین - واقعہ مذکورہ کو ابو الفرج (جو اس فرضی قصہ کا موجد اول ہی) نے
جن خصوصیتون کے ساتھہ بیان کیا ہی وہ تو اسقدر لغو ہین کہ عموماً تمام یورپین مورخین
موافق ہون یا مخالف - اوسکو افسانۂ باطل سمجھتے ہین - پروفیسر ڈساسی جنہون
نے بڑے زور شور سے اس واقعہ کو ثابت کرنا چاہا ہی تسلیم کیا ہی کہ ابو الفرج کے
بیان مین جو تفصیلین ہین - صحیح نہین - برٹش انسائیکلوپیڈیا کے لکھنے والون نے

بھی اوسکی ہنسی اوڑائی ہی۔ اور درحقیقت ایک کتبخانہ کا حمام مونمین جنکی تعداد چار ہزار تھی) تقسیم کیا جانا اور چھ مہینہ تک کتابون کا جلتا رہنا اور ایندھن کے کام آنا افسانہ کے سوا اور کیا ہوسکتا ہی؟ ابوالفرج نے اگرچہ مصر کے تمام حمامونکی تعداد نہین بتائی لیکن یہہ صحیح طور پر معلوم ہی کہ وہ چار ہزار تھے۔ اس لیئے حمامہاے مصر اور چار ہزار کی تعداد کو لازم وملزوم سمجھنا چاہیئے جیسا کہ اکثر یورپین مورخون نے سمجھا ہی۔ اب اگر دیکھا جایئے کہ اربعہ تناسبہ کی رو سے فی حمام ہر روز کیا تعداد پڑتی ہی تو معلوم ہوگا کہ ہر روز فی حمام ایک کتاب کا بھی پرتہ نہین پڑتا بلکہ نصف کتاب سے متجاوز نہین ہوتا یا تو حمام ایسے مختصر تھے کہ ایک دن کے لیئے ایک کتاب بلکہ نصف کتاب کافی ہوتی تھی۔ یا کتابین اس قدر ضخیم تھین کہ ایک کتاب کا آدھا حصہ حمام کے لیئے سارے دن ایندھن کا کام دیسکتا تھا۔

یہہ بھی مسلم ہی کہ اوس زمانہ مین کتابین چمڑے یا کاغذ پر لکھی جاتی تھین جو ایندھن کا کام نہین دیسکتا تھا۔ اسلیئے کتابون کا اس کام کے لیئے استعمال کرنا اور بھی بیہودہ معلوم ہوتا ہی۔ ڈریپر صاحب لکھتے ہین کہ "ہمکو یقین ہی کہ اسکندریہ کے حمام والے جبتک کوئی اور شی جلانے کے لیے پا سکتے تھے انہون نے چمڑے کا کاغذ (جسپر کتابین لکھی تھین) نہین جلایا ہوگا اور ان کتابون کا بہت بڑا حصہ چمڑے ہی کے کاغذ کا بنا ہوا تھا"۔

اس قصہ کے گھڑنیوالون نے یہ قصہ مسلمانون کے بدنام کرنیکے لیئے گڑھا لیکن اونکو یہہ خیال

نہ آیا کہ اوسکی وجہ سے مسلمانون سے زیادہ عیسائی موجب الزام ٹھہرتے ہین عمرو بن العاص نے بفرض محال اسقدر کیا کہ کتابین حماموں مین بھجوادین - لیکن حمام والے جسقدر تھے عیسائی تھے وہ کتابون کو بچا سکتے تھے اور بجاے اوسکے اور ایندھن سے کام لے سکتے تھے - عمرو بن العاص نے اسکے بعد اسکندریہ مین چھ مہینہ تک قیام بھی نہین کیا تھا کہ اونکی بازپرس کا ڈر ہوتا -

اگرچہ یہہ سرسری اور عام فہم قیاسات واقعہ مفروضہ کے ابطال کے لیئے کافی ہین لیکن زیادہ تدقیقات سے اور بھی اوسکی رہی سہی قلعی کھلجاتی ہی - اس واقعہ کو اگر ہم درایت کی نگاہ سے دیکھنا چاہین تو ہمکو ان امور پر لحاظ کرنا ہوگا - اسکندریہ پر کسطرح اور کن شرائط کے ساتھہ قبضہ کیا گیا؟ - اس حیثیت سے اور ممالک جو فتح ہوے وہان کیا برتاؤ ہوا؟ اس قسم کے موقعون مین حضرت عمر کا عموماً طرز عمل کیا تھا؟ عمرو بن العاص - کا ذاتی میلان اور مذاق طبیعت کیا تھا؟ -

اسکندریہ کے علمی خزانون کے آثار اسلام مین ملتے ہین یا نہین؟ - ان مین سے ہر سوال کا جواب اس بحث کا کم و بیش فیصلہ کرسکتا ہی -

یہہ امر تمام صحیح تاریخون سے ثابت ہی کہ اسکندریہ فتح ہونیکے بعد ذمیانہ عہد مین داخل ہوگیا یعنی وہان کی تمام رعایا ذمّی قرار دی گئی - فتوح البلدان بلاذری مین جو نہایت قدیم تصنیف ہی اور جسکا مصنف تمام واقعات اپنی سند و روایت سے بیان کرتا ہی لکھا ہی -

فان عمرو فتحها بالسيف وغنم ما فيها وابقى اهلها ولم يقتل ولم يسب وجعلهم ذمة	یعنی عمرو نے اسکندریہ کو تلوار سے فتح کیا اور غنیمت لوٹی اور وہانکے لوگوں کو باقی رکھا اور قتل و قید نہین کی اور لوگوں کو ذمی قرار دیا

یہی الفاظ ابن الاثیر و ابن خلدون وغیرہ مین بھی ہین —

مصر وغیرہ کن شرائط کے ساتھ فتح ہوے

ذمیون کے جو حقوق قرار دیے گئے تھے اون مین سب سے مقدم یہ تھا کہ اونکی جان — مال — نقد — اسباب — مویشی — مکانات وغیرہ سے کسی قسم کا تعرض نہین کیا جائیگا — فارس و شام کی فتوحات مین جو تحریری معاہدے ذمیون سے ہوے وہ تمام تاریخون مین منقول ہین اور سب مین اس حق کا خاص لحاظ رکھا گیا ہی — خود مصر کے معاہدے کے یہ الفاظ ہین

هذا ما اعطى عمرو بن العاص اهل مصر من الامان على انفسهم ودمهم واموالهم وكنائسهم وصلبانهم ومدهم وعدهم	یعنی عمرو بن العاص نے اہل مصر کو اونکی جان — خون — مال — صلیب — مدکو امان عطا کی —

معجم البلدان مین ایک اور صحیح روایت سے نقل کیا ہی کہ معاہدے مین یہ الفاظ یا مضمون داخل تھا —

وان لهم ارضهم واموالهم لا يتعرضون في شيء منها یعنی اونکی زمین اور مال اونہین کا رہیگا اور اون مین سے کسی چیز مین تعرض نہ کیا جائیگا"

ذمیون کے ساتھ حضرت عمر کا عام برتاؤ —

اہل ذمہ کے ساتھ حضرت عمر کا جو طرز عمل تھا اوسکی پوری تفصیل کا تو یہ موقع نہین ہی لیکن اجمالاً اسقدر کہنا ضرور ہی کہ انہون نے ذمیون کی جان و مال کو ہمیشہ مسلمانون کی جان و مال کے برابر سمجھا — شہر حیرۃ مین ایک مسلمان نے ذمی کو قتل

کر ڈالا تھا اوسکے بدلے مسلمان کے قتل کا حکم دیا اور اس حکم کی علانیہ تعمیل کرائی
مفلس ذمیون کے لیئے بیت المال سے روزینے مقرر کیئے - فارس و شام کی تمام
فتوحات مین گرجے اور معبد محفوظ رکھے - اس سے زیادہ کیا ہوگا کہ مرنے کے وقت
جو تین وصیتین کین اونمین ایک یہہ تھی -

اوصی الخلیفۃ من بعدی بذمۃ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم ان یوفی لہم بعہدھم وان یقاتل من ورائھم ولا یکلفوا فوق طاقتھم -	میرے بعد جو خلیفہ مقرر ہوگا اوسکے لیئے مین رسول اللہ کے ذمہ پر وصیت کرتا ہون کہ ذمیونکے معاہدون کو بجالائے اور اونکی حفاظت کے لیئے اونکے دشمنون سے لڑے اور اونکو طاقت سے زیادہ تکلیف نہ دیوے

یورپ کی متعصب مصنفین اگرچہ حضرت عمر کی شدت اور جبروت کے شاکی ہین لیکن اس سے انکار
نہین کرسکتے کہ جسوقت جو کچھہ اونکی زبان و قلم سے نکلا وہ اوسیطرح برتا بھی گیا متعصب
متعصب مورخین عیسائی - اونکی تمام زندگی کا ایک واقعہ بھی نہ بتا سکے جس مین اونکا
عمل - قول کے مخالف تھا -

جب یہہ مسلم ہی کہ اسکندریہ والے **ذمی** قرار دیئے گئے - اور ذمیون کے ساتھہ
جو کچھہ حضرت عمر کا طرز عمل تھا وہ تفصیلاً معلوم ہی تو کیونکر ممکن ہی کہ اسکندریہ والونکی
ایک بڑی یادگار (کتب خانہ) کو اس بیرحمی سے برباد کیا جاتا؟ کیا یہہ کتب خانہ مسلمانونکو
گرجاؤن اور آتشکدون سے زیادہ ناگوار ہوسکتا تھا؟ تمام ممالک مفتوحہ مین جب سیکڑون
ہزارون گرجے اور آتشکدے قائم رکھے گئے اور اونکی حفاظت کے لیئے تمام فرامین

مین یہہ خاص الفاظ لکھے گئے ۔

لا یہدم لہم بیعۃ ولا کنیسۃ دخل المدینۃ ولا خارجہا ۔	یعنی کوئی گرجا اور عبادتگاہ ڈہایا نجائیگا ۔ نہ شہر کے اندر اور نہ باہر ۔

تو کتبخانہ کی نسبت ایسا ظالمانہ برتاؤ کیونکر قیاس مین آسکتا ہی ۔

سچ یہہ ہی کہ ابوالفرج کو (جو اس فرضی قصہ کا موجد ہی) جھوٹ بولنا بھی نہین آتا تھا وہ اگر اس واقعہ کو عین محاصرہ اور فتح کی حالت مین بیان کرتا تو قیاس مین آسکتا تھا کیونکہ حملہ و مقابلہ کا جوش کسی چیز کی پروا نہین کرتا ۔ لیکن یہہ تسلیم کرکے کہ شہر کو امن دیدیا گیا اہل شہر ذمی قرار دیدیئے گئے ۔ حملہ اور معرکہ آرائی کا جوش تھم چکا اسوقت ایسا ظالمانہ عمل ۔ صرف ابوالفرج ہی کے قیاس مین جائز ہوسکتا ہی پروفیسر سدیو نے اسی بنا پر ابوالفرج کے بیان کو ناقابل اعتبار سمجھا ہی ۔ وہ لکھتے ہین کہ "جب یہہ تسلیم کیا جاتا ہی کہ فتح کے پہلے دہلہ مین شہر غارت نہین کیا گیا تو یہہ یقین کرنا مشکل ہی کہ ایسے وحشیانہ کام کا اوسوقت حکم دیا گیا ہو جبکہ فاتحین کا خون سرد ہوچکا تھا" ۔

عمرو بن العاص ۔ کی قابلیت اور مذاق کا خود ابوالفرج نے اعتراف کیا ہی چنانچہ وہ یحیی نحوی کے تذکرہ مین لکھتا ہی ۔

عمرو بن العاص کا مذاق طبیعت ۔

دخل علی عمرو وقد عرف موضعہ من العلوم فاکرمہ عمرو وسمع من الفاظہ الفلسفیۃ التی لم تکن للعرب بہا	یعنی وہ (یحیی نحوی) عمرو کے پاس حاضر ہوا عمرو نے اوسکے علمی مرتبہ سے واقف ہوکر اوسکی عزت کی ۔ عمرو نے اوس سے فلسفیانہ الفاظ سنے جنسے عرب

السنّة ما هاله وكان عمرو عاقلاً
حسن الاستماع صحيح الفكر۔ فلازمه
وكان لا يفارقه۔

کبھی مانوس نہ تھے اس لیے وہ اوسپر مفتون ہو گیا
اور عمرو عاقل۔ خوش فہم صحیح الفکر شخص تھا اسلیے
اوسنے یحیی نحوی کی صحبت کو لازم پکڑ لیا اور اوسکو کبھی جدا نہین کرتا تھا

اب خیال کرو کہ ایسا قابل اور علم دوست شخص جسنے باوجود مذہبی جوش کے ایک عیسائی عالم کو اپنا رفیق وہمدم بنا لیا ہو۔ اسکے ساتھہ اوسکو علمی مباحث بلکہ فلسفہ کا چسکا پڑ چکا ہو وہ اس بیرحمی سے مدت تک کتبخانہ کو برباد کراتا جو ایک جاہل سے جاہل شخص بھی نہین کر سکتا۔ مانا کہ وہ خود مختار نہ تھے لیکن حضرت عمر کو جو خط لکھا تھا اوسمین کتبخانہ کے لیئے سفارش تو کر سکتے تھے۔ عمرو نے بہت سے کامون مین اکثر زور ڈالکر حضرت عمر سے اجازت حاصل کی تھی۔ مصر واسکندریہ پر لشکرکشی کے لیئے حضرت عمر کسی طرح راضی نہوتے تھے۔ عمرو نے اونکو مجبور کیا اور ذمہ داری کی کہ اوسکا فتح کرنا کچھہ مشکل نہین۔ اوس وقت حضرت عمر نے اجازت دی۔ بلکہ علامہ بلاذری (جو نہایت مشہور اور مستند مؤرخ ہی) کی روایت کے موافق عمرو بن العاص نے حضرت عمر کی اجازت کا بھی انتظار نہ کیا اور مصر کو روانہ ہو گئے۔ اور یہہ تو عموماً مسلم ہی کہ مصر واسکندریہ کی فتح جس شرط پر ہوئی اور معاہدہ مین جو شرطین قلمبند ہوئین وہ بالکل عمرو نے اپنی راے سے لکھین۔ حضرت عمر کو اونکی اطلاع البتہ دی اور انھون نے اوسکو منظور کر لیا۔ کیا کتبخانہ کی نسبت عمرو بن العاص ایسا نہین کر سکتے تھے؟۔

اس سے زیادہ تعجب یہہ ہی کہ عمرو بن العاص نے اسکندریہ کی فتح کے بعد دریا

خلافت مین جو خط بھیجا اوسمین ایک ایک چیز کی تفصیل کی ہی چنانچہ فتح کے ذکر کے بعد
لکھا ہی کہ اُس شہر مین چار ہزار حمام - چار ہزار قصر - چالیس ہزار خراجگزار - یہودی -
چار سو شاہی سیرگاہین - بارہ ہزار بائع جنکی ترکاری بکتی ہی - موجود ہین - لیکن ان
تفصیلون مین ہمکو اپنے دوست ابوالفرج کے فرضی کتبخانہ کا کہین پتہ نہین چلتا -

تمام واقعات تاریخی پر غور کرنے سے حقیقت واقعہ یہ معلوم ہوتی ہی کہ اسکندریہ
مین جسقدر قدیم کتبخانہ تھے اسلام کے زمانہ سے پہلے ہی برباد ہو گئے تھے -
جسکے اسباب و اتفاقات مؤرخون نے بہ تفصیل لکھے ہین لیکن ان آفتون پر بھی علمی
آثار بالکل معدوم نہین ہو گئے تھے - اور ایک ایسے شہر مین جو سیکڑون برس تک دارالعلوم
رہ چکا تھا علمی یادگارون کا یک لخت معدوم ہو جانا ممکن بھی نہ تھا - چنانچہ زمانۂ اسلام
سے کسی قدر پہلے اسکندریہ مین سات نہایت مشہور طبیب اور فلاسفر موجود تھے جنکے
یہہ نام ہین - اسطفن - جاسیوس - تادوسیوس - اکیلاؤس - انفیلاؤس -
فلادیوس - یحییٰ نحوی - ان سب مین یحییٰ نحوی نے زیادہ عمر پائی اور عمرو بن العاص
کے زمانہ تک زندہ رہا - اسکندریہ کے قدیم کتبخانے تو بہت پہلے برباد ہو چکے تھے
لیکن اخیر زمانہ مین جو علمی سرمایہ مہیا ہوا تھا وہ اسلام کی فتح کے وقت موجود تھا اور زمانۂ
مابعد تک بھی باقی رہا چنانچہ دولت عباسیہ کے زمانہ مین جب علمی یادگارونکی تلاش ہوئی تو
اسکندریہ سے معتدبہ ذخیرہ ہاتھہ آیا - ہارون الرشید و مامون الرشید و متوکل باللہ
کے عمال جو شام فلسطین - ایشیاے کوچک سائپرس - مین فلسفی اور طبی تصنیفات

ڈھونڈھتے پھرتے تھے اسی غرض سے اسکندریہ بھی گئے تھے اور بہت سی کتابین
حاصل کین۔ حنین بن اسحٰق نے لکھا ہی کہ "جالینوس کی کتاب البرہان کی تلاش مین
مین جزیرہ و شام۔ فلسطین۔ مصر کے تمام شہرون مین پھرا یہانتک کہ اسکندریہ پہونچا
لیکن کتاب مذکور کا کہین پتہ نہ چلا۔ صرف دمشق مین اوسکے چند حصے وہ بھی بے ترتیب
ملے"۔ حنین۔ کو اگرچہ اس کتاب کے ملنے مین اس وجہ سے ناکامی ہوئی کہ قدیم
کتب خانے اسلام سے پہلی ہی برباد ہو چکے تھے۔ لیکن زمانۂ مابعد کی تصنیفات جو
شروع اسلام تک محفوظ تھین تقریباً کل ہاتھ آئین۔ جن سات حکیمونکا اوپر ذکر ہوا اونکی
تمام تصنیفات محفوظ ملین اور عربی زبان مین اونکے ترجمے کیے گئے یحییٰ نحوی کی
کتابون کے ساتھ زیادہ اعتنا کیا گیا چنانچہ اوسکی جسقدر کتابین عربی زبان مین ترجمہ
کی گئین اون مین سے چند یہ ہین۔

یحییٰ نحوی کی تصنیفات۔

تفسیر کتاب فاطیغوریاس لارسطو۔ تفسیر کتاب انالوطیقاے الاولی لارسطو۔ تفسیر کتاب
انالوطیقاے الثانی لارسطو۔ تفسیر کتاب طوبیقا لارسطو۔ تفسیر کتاب السماع الطبیعی
لارسطو۔ تفسیر کتاب الکون والفساد لارسطو۔ تفسیر کتاب مابال لارسطو۔ تفسیر کتاب
الفرق لجالینوس۔ تفسیر کتاب الصناعۃ لجالینوس۔ تفسیر کتاب النبض الصغیر لجالینوس
تفسیر کتاب اغلوفن لجالینوس۔ تفسیر کتاب الاسطقسات لجالینوس۔ تفسیر کتاب
القوی الطبیعیۃ لجالینوس۔ تفسیر کتاب التشریح الصغیر لجالینوس۔ تفسیر کتاب العلل
والاعراض لجالینوس۔ تفسیر کتاب تعرف علل الاعضاء الباطنیۃ لجالینوس۔ تفسیر

کتاب النبض الکبیر لجالینوس ۔ تفسیر کتاب الحمیات لجالینوس ۔ تفسیر کتاب البحران لجالینوس
تفسیر کتاب ایام البحران لجالینوس ۔ تفسیر کتاب منافع الاعضاء لجالینوس ۔ تفسیر کتاب
تدبیر الاصحاء لجالینوس ۔ تفسیر کتاب المزاج لجالینوس ۔ جوامع کتاب الترياق
لجالینوس ۔ جوامع کتاب الفصد لجالینوس ۔ کتاب الرد علی برقلس ۔ کتاب فی ان کل
جسم متناہ فقوتہ متناہیۃ ۔ کتاب الرد علی ارسطو ۔ کتاب الرد علی تطورس ۔ شرح کتاب
ایساغوجی لفرفوریوس ۔ انکے سوا اور بہی کتابین ہین جنکی تفصیل طبقات الاطبا و کتاب
الفہرست لابن الندیم مین ملتی ہی اگر اسکندریہ کا کتب خانہ عمرو بن العاص کے زمانہ مین
برباد ہوا ہوتا تو سب سے پہلے یحیی النحوی کی تصنیفات برباد ہونی چاہیئے تہین جو
عمرو بن العاص کا ہمعصر اور بقول ابو الفرج کے کتب خانہ مذکور کا مہتمم تہا ۔
غرض مصر و اسکندریہ وغیرہ مین اسلام کے زمانہ تک جو سرمایہ محفوظ رہ گیا تہا وہ
ہرگز ضائع نہین ہونے پایا البتہ جو کچہہ اسلام سے پہلے تلف ہو چکا تہا اوسکو وہ
دوبارہ پیدا نہین کر سکتا تہا ۔ ہمکو تاریخون سے اسبات کا بہی پتہ لگتا ہی کہ نہایت
قدیم زمانہ کی بہی کوئی چیز اگر زمانۂ اسلام تک کسی وجہ سے محفوظ رہ گئی تو وہ ہرگز برباد
نہین ہونے پائی بلکہ زمانۂ مابعد مین نہایت قدردانی کے ساتہہ یادگار کے طور پر
اوسکو محفوظ رکہا گیا ۔ ابن الندیم نے جو مصر کا رہنے والا اور علم اصطرلاب کا بڑا
ماہر تہا لکہا ہی کہ وزیر ابو القاسم علی بن احمد الجرجانی نے ۴۳۵ھ ہجری مین قاہرہ کے
کتب خانہ کا جائزہ لیا اور قاضی ابو عبد اللہ القضاعی و ابن خلق وراق کو حکم دیا کہ کتابون

بطلیموس کے ہاتہہ کا بنا ہوا کرہ ۔

کی فہرست تیار کرین اور جلدین جو خراب ہو گئی ہین اونکی مرمت کرائین ۔ مین بہی اون دونون بزرگون کے ساتہہ اس غرض سے وہان گیا کہ اپنے مذاق کی کتابون کی سیر کرون چنانچہ صرف نجوم و ہندسہ و فلسفہ کے متعلق جو اجزا تہے اونکی تعداد چہہ ہزار پانسو تہی ۔ یہین مین نے تانبے کا ایک کرہ دیکہا جو بطلمیوس کے ہاتہہ کا بنا ہوا تہا مین نے اوسکی قدامت کا اندازہ کرنا چاہا تو حساب سے ثابت ہوا کہ دو ہزار دو سو پچاس برس کی مدت کا ہی ۔ یہین مجہہ کو ایک اور کرہ ملا جو چاندی کا تہا اور جسکو ابو الحسن صوفی نے عضد الدولہ کے لیئے بنایا تہا اوسکا وزن تین ہزار درہم تہا اور تین ہزار دینار (پندرہ ہزار روپیے) کو خریدا گیا تہا"۔

اگرچہ ہمنے اس بحث کو مجتہدانہ اصول کے ساتہہ طی کر دیا ہی اور اس وجہ سے ہمکو اسکی کچہہ پروا نہین کہ یورپ کے مورخین ہمارے ہمزبان ہین یا نہین ۔ تاہم تقلید پسندون اور بالخصوص اون لوگون کی تسلی کے لیئے جنکو یورپ کے ساتہہ نہایت حسن عقیدت ہی یہ کہہ دینا ضرور ہی کہ واقعہ مفروضہ گو ایک زمانہ مین تمام یورپ مین تسلیم کیا جاتا تہا لیکن جسقدر تاریخی تحقیقات کو ترقی ہوتی گئی اوسی نسبت سے اوسکی تصدیق کا زور گہٹتا گیا ۔ یہانتک کہ حال کے مصنفین مین زیادہ تر اونہی لوگون کی تعداد ہی جو اوسکو غلط اور مشکوک واقعہ قرار دیتے ہین ۔ آج تک اسقدر ہوا ہی اور امید ہی کہ وہ دن بہی آئیگا جب زیادہ غور اور تحقیق کے بعد تمام یورپ متفق ہو کر علانیہ کہدے کہ

مصرعہ ہم الزام اون کو دیتے تہے قصور اپنا نکل آیا ۔

ضمیمہ

تمہید

کتب خانہ اسکندریہ کی بربادی کا ذکر اتباتاً یا نفیاً اگرچہ یورپ کے اکثر مورخون نے کیا ہی لیکن جن مصنفون نے اسپر تفصیلی اور مستقل مضامین لکھے اور جو ہماری نگاہ سے گذرے صرف تین ہین — مسٹر وایٹ — پروفیسر ڈساسی — پروفیسر کریل — پروفیسر ڈساسی کے آرٹکل کا خلاصہ بلکہ قریباً پورا آرٹکل ہمارے مضمون مین نقل ہوچکا ہی — باقی دو مصنفون کے مضمون کا بعینہ ترجمہ ہم شائع کرتے ہین جس سے متعدد فائدے حاصل ہوسکتے ہین —

۱ — جو یورپین مورخ اس واقعہ کی اثبات کے درپی ہین اون مین سب سے مدلل اور پُرزور تقریر مسٹر وایٹ کی خیال کیجاتی ہی چنانچہ مسٹر کرچٹن نے اس واقعہ کے ثبوت مین بڑے دعوی سے اونھین کا حوالہ دیا ہی — اس لیئے مسٹر وایٹ کے آرٹکل کے ترجمہ شائع کرنے سے یہ فائدہ ہی کہ ہمارے ناظرین اندازہ کرسکین کہ مسٹر موصوف

نے اپنے دعوی کے ثبوت مین کیسی وہمی اور دور از کار دلیلین پیش کی ہین۔ اس سے یہہ بھی ظاہر ہوگا کہ یہ واقعہ اسقدر بے اصل ہے کہ اوسکے ثابت کرنے مین بڑے بڑے مصنفین کو بالآخر عاجز اور درماندہ ہونا پڑتا ہے۔

۲۔ اسی کے مقابل پروفیسر کریل کے مضمون سے (جو اس واقعہ کے منکر ہین) ظاہر ہوگا کہ اس واقعہ کے نفی کے دلائل بمقابلہ ثبوت کے کسقدر قوی اور قابل اطمینان ہین۔

۳۔ سب سے بڑا فائدہ یہ ہے کہ یورپین مورخون کے طرز استدلال سے واقفیت ہوگی جس سے ظاہر ہوگا کہ اونکا طرز بحث ایسا ہے جس سے بہت سی فضول اور بیفائدہ نئی بحثین پیدا ہوجاتی ہین اور اصل بحث اکثر نامختتم رہ جاتی ہے یعنی اونکا قطعی فیصلہ نہین ہوتا۔ چنانچہ یہ امر مسٹر وایٹ اور پروفیسر کریل دونون کی تحریر سے واضح ہے۔ اب ناظرین دونون مضمون نگارون کی تحریرون کو ملاحظہ فرمائین۔

مضمون

متعلق کتب خانہ اسکندریہ بزبان جرمن

نوشتہ

وان لوڈف کریل
Van Ludaf Krell

جسکو اونھون نے اجلاس چہارم اورنٹیل کانفرنس منعقدہ ستمبر ۱۸۷۸ع بمقام
فلارنس پڑہا۔

ترجمہ

عالی جناب شمس العلما مولوی سید علی بلگرامی بی اے۔ بی ایل۔ جیالوجسٹ۔
انسپکٹر جنرل معدنیات حیدرآباد دکن۔

ہمیشہ سے اہل عرب کے ذمہ یہ شدید الزام لگایا گیا ہی کہ یہی تھے جنھون نے سنہ ۶۴۲ع مین اسکندریہ کو فتح کرنیکے وقت وہان کا عجائب خانہ اور اوسکے ملحق کتب خانہ کو جلایا۔ یہہ الزام عربون پر قائم کرنے والے خود مشہور عرب مورخین[۱]

[۱] اس جگہہ ہمارے لائق مضمون نگار نے عجیب غلطیان کی ہین۔ فرماتے ہین کہ یہہ الزام خود عرب مورخون نے

مثل عبداللطیف - مقریزی - حاجی خلیفہ وغیرہ کے ہین - یہہ مورخین اسقدر معتبر ہین
اور اسلام کی کل تاریخ اور اسلام کی حالت ترقی کے بارہ مین اونکا بیان اسقدر معتبر ہی کہ
اس خاص معاملہ مین اونکے بیان کو غیر معتبر سمجھنے کی جرأت نہین پڑتی - اور جب اسکے ساتھہ
ہی اسلام کی مخالفت پر جو اونکو غیر مذاہب کے ساتھہ (خصوصًا اوائل مین) تہی غور کیا
جاے تو اس واقعہ کے نہ یقین کرنیکی کوئی وجہ باقی نہین رہتی - خود حاجی خلیفہ لکہتا ہی کہ
"اوائل سنین اسلام مین مسلمان بجز علوم عربی متعلقۂ زبان عربی و قرآن و احکام قرآنی اور طب
کے کسی علم کو اپنے مذہب کیواسطے خالی از خطر نہین سمجہتے تہے - اور اونکی اس علیحدگی
کی وجہ ظاہرا یہہ معلوم ہوتی تہی کہ وہ اپنے مذہبی اعتقادات کو اسی ذریعہ سے کل بیرونی
اور خطرناک اثرون سے محفوظ رکہنے کی امید رکہتے تہے - اونکو یہہ خوف تہا کہ جسقدر
زیادہ وہ اور علوم مین اپنے کو مشغول کرینگے اوسیقدر اونکے جدید مذہب مین فرق آویگا"
حاجی خلیفہ (جلد اول صفحہ ۷۰) صاف لکہتا ہی کہ "اونکو اپنے مذہب کا غلو اس قدر تہا کہ
وہ کل کتابون کو جو عربی زبان مین نہین ہوتی تہین جلادیتے تہے" - یہ بیان اسلام کی

بقیہ حاشیہ صفحہ ۴۸ لگایا ہی" - حالانکہ آگے چلکر خود تسلیم کیا ہی کہ قدیم مورخین عرب مین سے اس واقعہ کا
کسی نے ذکر نہین کیا ہی - عبداللطیف کو مشہور اور نامور مورخ بتاتے ہین اور اسی مضمون مین دوسرے
موقع پر لکہا ہی کہ "عبداللطیف کوئی مورخ نہ تہا" - حاجی خلیفہ و مقریزی نے جس طرح اس واقعہ کو لکہا
ہی اوسکو ہم اپنے مضمون مین لکہہ آئے ہین ناظرین اوس موقع کو ملاحظہ فرمائین ۱۲
شبلی -

تنگ خیالون کا کسیقدر متاخر کیون نہو (حاجی خلیفہ کا سن وفات ۱۰۶۷ھ عربی تہا) ہم اسمین شک نہین کہ یہہ اوس زمانہ کی پست خیالی کی ایک سچی تصویر ہمارے سامنے پیش کرتا ہی اور اس پست خیالی کا باعث مذہبی تعصب ہی۔

جہان کہین عربون نے اپنی سرحد سے قدم باہر کہا انہون نے غیر ملکونکے علوم کو علی الخصوص دینی علوم کو نیست و نابود کردیا اور حکم قرآنی کے بموجب اشاعت دین محمدی کے فرض کو ادا کیا اور اوس مذہب کی اشاعت مین جو کچھہ موانع پیش آیے اون سبکو دور کیا اور جہانتک اونسے ممکن تہا نعمت اسلام کو تمام عالم کیواسطے عام کرنیکی کوشش کی حکم قرآنی کے بموجب یہہ مذہب اسواسطے دنیا مین نہین آیا کہ محض اقوام عرب ہی تک جو کہ بہترین اقوام عالم ہین محدود رہے بلکہ اسواسطے آیا کہ تمام دنیا کا مذہب اسلام ہی ہوجاوے اور ہر مسلمان کا فرض ہی کہ اس مذہب کی اشاعت مین جہاد کرے اور کل اون اعتقادات کو جو کلمہ اسلام لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ کے خلاف ہون نیست و نابود کردینے کی کوشش کرے[۱]

اگرچہ مذہب کی تعلیم تو وہی ہی جیسا کہ اوپر لکہا گیا لیکن عمل مین اسقدر سختی نہ تہی اور فتوحات شام و مصر و ایران کے دیکہنے سے معلوم ہوتا ہی کہ جزیہ کا دینا کفار کو موت اور غلامی سے نجات دیدیتا تہا۔ اور علی الخصوص یہود و نصاری کے ساتہہ جو اہل کتاب مین سے تہے بہت زیادہ نرم برتاؤ ہوتا تہا۔

[۱] افسوس ہے کہ پروفیسر صاحب باوجود عربی دانی کے مسائل جہاد و اشاعت اسلام کے متعلق ایسے غلط اور مہمل خیالات رکہتے ہین۔ ذلک مبلغہم من العلم

بتدریج ابتدائی جوش کم ہوگیا اور کچھہ تو اصلی سمیا طیقی عقلمندی کا مقتضا ہوا
اور کچھہ اعلیٰ درجہ کے خیالات کا اثر لیکن نتیجہ یہ نکلا کہ اوس کتابی سختی مذہبی اور اوسکے
عمل مین فرق ہونے لگا اور غیر مسلم مفتوحہ قومون کے ساتھہ برتاؤ مین رعایت ہونے
لگی - بالآخر یہ دستور العمل کل ممالک مفتوحہ مین جاری ہونے لگا - اور طریقہ سلوک اسپر
موقوف ہوگیا کہ کسی خاص سپہ سالار کو مفتوحہ اقوام کی نسبت خلیفہ کی طرف سے کس قسم
کی ہدایت ملی ہی - خود خلفا اسقدر مختلف المزاج ہونے لگے اور اونکے مختلف زمانون مین
مختلف اثر اس قسم کے پڑنے لگے کہ یہ ہرگز نہین کہا جاسکتا کہ عملاً قوم مفتوحہ کے ساتھہ
بہت زیادہ سختی کیجاتی تہی - مثلاً خود خلیفہ اول اور خلیفہ دوم کے مزاجون مین کسقدر
فرق تہا - ابوبکرؓ مین رحم اور جوش تہا - برخلاف اسکے عمرؓ سے زیادہ سخت اور شدت
کے ساتھہ منصف اور راستباز شخص خیال کرنا مشکل ہی اور اونکو اسلام کی سلطنت مغربی کا
بانی کہنا نہایت درست ہی - خود زمانہ رسالت مین کل اسلام کی لڑائیون مین جس مین
عمر موجود تہے بدر - مین اور خیبر مین انہون نے اپنی جوانمردی اور سپہ سالاری کا
ثبوت علی رؤس الاشہاد دیا - اور جسوقت ۶۳۴ء مین ابوبکرؓ کے بعد اور اونکے خاص
انتخاب کی بنا پر وہ خلیفہ اسلام ہوے تو اونکا پہلا کام نجران کے نصاریٰ اور خیبر
کے یہودیون کو نکالنا تہا - رسالت مآب نے اپنی وفات کے وقت یہ خواہش بیان
کی تہی کہ خود عربستان مین جو خاص مقام رسالت تہا سوائے مذہب اسلام کے اور
کوئی مذہب نہ رہنے پائے - پس اس اخیر وصیت نبوی کا پورا کرنا اونکے خلیفہ کا

پہلا فرض تہا۔ لیکن ابوبکرؓ نے پولیٹکل وجوہات سے اس وصیت کے پورا کرنے کا ارادہ نہین کیا۔ مگر عمرؓ نے اپنی خلافت مین پہلا کام یہی کیا اور یہود اور نصاریٰ عرب کو اپنے اصلی وطن سے نکال باہر کیا۔

(اسلام قبول کرنے سے پہلے جس شدت سے عمرؓ مخالف دین اسلام تہے اور خود رسالت مآب کے ساتہہ اونکو جسقدر دشمنی تہی (یہانتک کہ انہون نے ایک مرتبہ ارادہ کرلیا تہا کہ رسالت مآب کو شہید کرڈالین) اوسیقدر مشرف باسلام ہونیکے بعد وہ شدت کے ساتہہ طرفدار اور دوست اور حامی مذہب اسلام بن گئے۔ اور خود رسالت مآب عمرؓ کے اس جوش اور فریفتگی کی قدر کرتے تہے۔ عمر کا یہہ جوش اسلامی اخیر تک قائم رہا اور جس سختی کا وہ خود اپنے ساتہہ برتاؤ کرتے اور جسطرح ہر قسم کی لذات سے اپنے کو محروم کرتے اوسی سختی کو وہ دوسرون کے ساتہہ بہی کام مین لاتے تہے۔ اونکے احکام کی تعمیل حرف بحرف واجبات سے تہی اور جب خود اونسے کوئی امر خلاف حکم خدا ہوتا تہا تو اپنے قصور کے قائل ہوتے تہے۔ اس مزاج کے آدمی سے ہم البتہ توقع کرسکتے ہین کہ اوسنے اسکندریہ کے کتب خانہ کو جلادینے کا حکم دیا ہوگا۔ جسوقت اونکے نزدیک محض دین محمدی ہی (جسکی اشاعت کو وہ اپنا فرض سمجہتے تہے اور اور جس دین کو انہون نے نہایت سچائی سے قبول کیا تہا) ایک سچی چیز دنیا مین تہی تو اونکا یہہ بہی فرض تہا کہ اس دین کے مخالف جتنے مذاہب تہے اونکے نیست و نابود کرنے مین حتی الامکان کوشش کرتے۔ اور جسوقت ایک مجموعہ کتابون کا ایسا

موجود ہو جسمین دین اسلام کی کچھہ تعلیم نہو تو ایسے مجموعہ کے نیست و نابود کر دینے کو وہ لازم اور فرض خیال کرتے - پس کل واقعات تاریخی اسکی تائید کرتے ہین کہ ان مؤرخین عرب کا بیان درست ہو - لیکن اوسکے ساتھہ ہی یہہ بہی ہی کہ یہہ بیانات تاریخی جسوقت اونپر غور کیا جاوے نہایت مشکوک اور خلاف قیاس معلوم ہوتے ہین - اور اونپر ہرگز یقین نہین ہوسکتا -

اس واقعہ کا سب سے زیادہ تفصیلی بیان ابو الفرج کے مختصر الدول صفحہ ۱۸۱ مین ہی[1] جیسا کہ اوپر لکھا گیا ہی یہہ سب سے زیادہ تفصیلی بیان اس واقعہ کا ہی اور اسمین بہی اون کتابون کا ذکر نہین ہی جو اسکندریہ کے کتب خانہ مین تہین بلکہ اون کتابونکا ذکر ہی جو خزانہ شاہی مین محفوظ تہین - اور میوزیم کے جلانے کا تو اطلاق اس بیان پر کسی طرح نہین ہوسکتا -

غور کرنا چاہیئے کہ یہہ بیان اوس شخص کا ہی جو خود ایک سُریانی نصرانی تہا - اور جو سُریانی اور نصرانی دونون زبانون مین لکہتا تہا اور جسکا زمانہ تیرہوین صدی کا وسط ہی - یعنی یہہ شخص اس واقعہ سے قریب چہہ سو برس بعد تہا -

لیکن عمرو بن العاص کے محاصرۂ دیرینہ و بالآخر فتح اسکندریہ کا بیان اور پرانی تاریخون مین بہی (مثل بلاذری وغیرہ کے) موجود ہی اور ان تاریخون مین ہر ایک واقعہ نہایت تفصیل کے ساتھہ لکہا گیا ہی مثلاً

[1] ہم اپنے مضمون مین چونکہ ابو الفرج کی پوری عبارت کا ترجمہ نقل کر چکے ہین اس لیئے اس جگہہ اوسکا دوبارہ نقل کرنا بیفائدہ تہا - ۱۲ شبلی النعمانی

اسکندریہ کی مردم شماری حماموں اور باغونکی تعداد اور اونکی پوری کیفیتین - مقدار جزیہ جو
قبطیون - نصاری اور یہود سے مقرر کیا گیا وغیرہ وغیرہ امور نہایت بسط کے
ساتہہ درج ہین - لیکن ان تاریخون مین مطلقاً کتب خانہ جلانے کا ذکر نہین پایا جاتا
ایک ایسے عظیم الشان واقعہ کا ان قدیم تاریخون مین سے متروک ہونا نہایت
عجیب امر ہی - کیونکہ فی الواقع اتنے بڑے کتب خانہ کے جلا دینے کو اگر عظیم الشان
واقعہ نہ کہین تو کیا کہین - اگر مذہبی خیالات کے لحاظ سے دیکہا جاوے تو خلیفہ عمر
کے ایسے حکم کی تعمیل کو ایک نہایت فخر اور مباہات کی بات سمجہنا چاہیے - اور ایسے
ایک واقعہ کا جسپر اسوقت کے مسلمان فخر کر سکین اور اوسکو ایک کار خیر سمجہین مطلقاً
تاریخ مین متروک ہو جانا ایک حیرت انگیز بات ہی - غرض ابو الفرج کے بیان کو مورخین
قدیم عرب کے بیان فتح اسکندریہ سے مطلقاً مطابقت نہین معلوم ہوتی -

محاصرۂ اسکندریہ چودہ مہینے تک رہا اور چونکہ سمندر کیطرف شہر بالکل کہلا ہوا
تہا یونانی جہازون کے ذریعہ سے وقتاً فوقتاً فوج اور خورد و نوش کی اشیا برابر آیا کرتی
تہین - یہہ بہی تاریخ مین صاف لکہا ہی کہ جو اشخاص متمول اسکندریہ مین تہے انہون
نے اپنا مال و متاع ان جہازون کے ذریعہ سے شہر کے باہر بہیجدیا - اور ان مین
سے بہت لوگ خود بہی نکل گئے - اور باقی ماندہ عربون کے متواتر اور متوالی حملون
کی تاب نہ لا سکے اور بالآخر شہر عربون کے ہاتہہ مین آ گیا -

شہر مین داخل ہوتے ہی عرب سپاہیون نے سخت غل مچایا اور سب نے متفق اللفظ

ہوکر یہہ درخواست کی کہ باشندے بحیثیت غلامی کے اور کل اونکا مال ومتاع بحیثیت غنیمت اون پر تقسیم کر دیا جاوے۔ لیکن عمرو بن عاص نے اونکی اس خواہش کو روکا اور اس امر کا فیصلہ خلیفہ عمر پر چھوڑا۔ خلیفہ کا رجحان رعایت کی طرف ہوا اور حکم دیا کہ علاوہ فی کس دو دینار ٹیکس کے اور محاصل زمین کے جو متعلق مال کے ہو شہر سے ایک علیحدہ خراج بھی لیا جاوے اور اوسپر اکتفا کی جاوے اور باشندون کی جان ومال بالکل محفوظ رہین یہہ فیصلہ عمر کا بالکل حکم قرآنی کے موافق تہا۔ (دیکھو سورۃ التوبہ آیہ ۲۹) جس مین یہود اور نصاریٰ مفتوحین سے خراج لینے کے بعد اونکے کل حقوق ذاتی ومذہبی آزادی قائم رکھنے کا حکم ہی۔ نہایت قرین قیاس ہی کہ عمر کا جو اسقدر سخت تہے اس رعایت کو جائز رکھنے کا ایک باعث یہہ بھی تہا کہ چودہ مہینے کے محاصرہ کے بعد شہر کا فتح ہونا ایک بہت بڑا باعث خوشی اور مسرت کا ہوا تہا۔

قدیم مورخون نے اس واقعہ کو نہین لکہا۔

جسوقت کہ قدیم مورخین کا بیان اسطرح پر ہی اور جو یقیناً مبنی ہی شہادت معاصرین اور اون اشخاص کے جنہون نے ان واقعات کو بچشم خود دیکہا تہا تو اس بیان کی ہمکو بہت زیادہ وقعت کرنی چاہیئے بہ نسبت اون مابعد کے بیانات کے جو اوس سے اسقدر مختلف ہین کیونکہ قدیم مورخین کو جو روایات پہنچی تہین وہ بسبب قرب زمانہ کے زیادہ صحیح تہین اور اون مین کسی قسم کی تحریف نہین آنے پائی تہی اور پرانی روایات کا سچی سچی طرح پر قلمبند کرنا ایک خاصہ ہی قدیم مورخین اسلام کا۔

یہہ نہین کہا جا سکتا کہ مورخین قدیم کا سکوت اس وجہ سے مبطل بیانات مابعد نہین

ہوسکتا کہ شاید انہون نے کسی خاص غرض سے اور عمداً اتنے بڑے واقعہ کو چھوڑ دیا ہو۔ کیونکہ اسطرحپر ترک واقعات کا کرنا بالکل شان مورخین عرب ہی نہین بلکہ شان کل مورخین قدیم کے خلاف ہی۔

ان مورخین کے طرز تحریر پر اب ہم کسیقدر تفصیل سے غور کرینگے۔ انکے علم تاریخ مین سب سے نیچے کی سیڑھی کچھہ تو محض بڑی اور اہم واقعات ہم عصر کا قلمبند کرنا تہا اور کچھہ قومی شجرے تہے جنکو قدیم اقوام ابتدای زمانہ ہی سے نہایت ضروری اور یادوقعت سمجھتے ہین۔ اس قسم کے شجرے اور اس قسم کے واقعات کی فہرستین خود پیٹیاٹیک مین موجود ہین (مثلاً کتاب الاعداد مین ۱۳۳-۹۴ یہود کی فوج کے کل مقامات جہان انہون نے دشت مین قیام کیا) اور فی الواقع یہی شجرے اور فہرستین جڑ اور بنیاد تاریخ کی ہین۔

قدیم مورخون کا طرز تحریر۔

یہی قدیم فہرستین واقعات کی وہ رشتہ خام ہین جنکو مورخین نے اپنی تاریخون مین بُنا ہی لیکن اوس مین کوئی تغیر نہین آیا ہی اور ہمیشہ تار و پود تاریخ مین علحدہ اور متمیز طور پر معلوم ہوتا ہی کہ یہہ پرانا مال ہی۔ دوسرے درجہ مین وہ زبانی روایات معاصرین ہین جو پشتہا پشت سے زبانی چلی آئی ہین اور مدت کے بعد قلمبند ہوئی ہین۔ اگر ان روایات کے راویون کے نامون کا ملنا کسی طرح بہی ممکن ہوا ہی تو انکو عرب مورخین قدیم نے نہایت اہتمام کے ساتہہ درج کیا ہی۔ اور اگر یہہ سلسلۂ روایات پورا ہی اور اسمین کی کوئی ایک کڑی بہی مفقود نہین ہوئی ہی تو پہر وہ روایت بالکل صحیح سمجہی جاتی ہی اگرچہ

اصل راوی اول جو ہمعصر تہا یا جسنے واقعہ کو بچشم خود دیکھا تہا کسی قدر غیر معتبر کیون نہو
اس اصلی واقعہ پر غور کرنا یا اصل راوی کے معتبر یا غیر معتبر ہونیکی تحقیق مورخین عرب ہرگز نہین
کرتے تہے - اگر سلسلۂ روایات مین کہین اونکو اختلاف نظر آگیا اور وہ اختلاف بیان
اول سے کسی قدر متبائن کیون نہو تو اوسکو بہی وہ بیان اول کے ساتہہ ہی ساتہہ نقل
کر دیتے ہین - اور کبہی یہہ نہین لکہتے کہ ان بیانات متبائنہ مین کونسا بیان زیادہ توثق
کے قابل یا زیادہ قرین بصحت ہی - اگر مادہ تحقیق اونکا بہت ہی جوش مین آیا (اور یہ ایک
شاذ امر ہی) تو انہون نے ان بیانات کو لکہکر "واللہ اعلم" کا لفظ اوسکے بعد لکہہ دیا -
اگرچہ اس طریقہ تحریر سے مورخین عرب کی وقعت من حیث المورخین والمحققین ہماری
نظرون مین کم ہو جاتی ہی لیکن اوسکے ساتہہ ہی اون روایات کی جنکو انہون نے
درج کیا ہی اور جن مین مطلقاً کسی قسم کا تصرف ہونے نہین پایا ہی من حیث الواقعات
بہت زیادہ وقعت ہو جاتی ہی - جن اقوال اور تحریرات کو انہون نے نقل کیا ہی اونکے
اصلی الفاظ تک مع تمام صرفی و نحوی غلطیون کے انہون نے قائم رکہنے کی کوشش
کی ہی - اونکی کتابین ایک ذخیرہ ہین کچے تاریخی مادہ کا جنکے جمع کرنے مین کسی قسم
کی قوت امتیازیہ صرف نہین کی گئی ہی فی الواقع یہہ ایک مواد ہی جس سے جہان
بین کرنے کے بعد ایک شخص باتمیز سچی اور درست تاریخ تیار کر سکتا ہی - جسکا نام
تاریخ لکہنا ہی وہ بالکل عربون مین پایا ہی نہین جاتا نہ فقط قدیم زمانہ مین بلکہ زمانہ حال
مین بہی - مثلاً **المقری** کو دیکہو جسکا زمانہ سترہوین صدی کے ابتدا مین ہی -

یہہ شخص بالکل خشک واقعات کا لکھنے والا نہ تہا بلکہ اسنے اسپین کے مسلمانون
کی پولیٹکل اور علمی ترقی کو بہی لکھنے کی کوشش کی ہی اور فی الواقع اوسکی تاریخ ایک خزانہ
ہی بے انتہا مختلف قسم کے واقعات سوانح اور اطلاعات کا جنکے جمع کرنے مین بیحد
محنت صرف کی گیئی ہی۔ لیکن مقری بہی محض مؤلف ہی یہہ بات اوسمین بہی نہین ہی کہ اپنے
ماخذون کی چہان بین کرے اور اون مین سے اپنے طور پر ایک تاریخ پیدا کرے۔

پس اگر مورخین عرب کی نسبت اخیر زمانہ مین بہی مؤلفین کا لفظ استعمال کیا جاوے
تو یہہ لفظ مورخین متقدم کے اوپر بدرجہ اولی چسپان ہونا چاہیئے۔ اوائل اسلام مین
ایک بہت بڑا ذخیرہ اقوال اور روایات اور حکایات معاصرین کا موجود ہی جسکے جمع کرنے
مین بے انتہا محنت اور احتیاط صرف کی گیئی ہی۔ خود زمانہ حیات حضرت رسالت مآب
کے واسطے تو **مالک** کا مجموعہ اور صحیحین بخاری و مسلم موجود ہین اور اونکے بعد کے
واقعات اور فتوحات اسلام کیواسطے تاریخ **طبری** ہی جسکے مصنف نے ۹۲۲ء مین بغداد مین وفات
پائی یہ تاریخ طبری ایک مجموعہ ہی مختلف روایات (بعض صورتون مین ایک دوسرے سے متباین) اور اقوال متعاصر
کا مع اسمائے رواۃ جنسے یہہ مختلف روایتین منقول ہوئی ہین۔ اسکے بعد ابن اثیر نے اسی کو اپنا
ماخذ بنایا۔ اگرچہ اوسنے کسیقدر روایات مین انتخاب کیا ہی۔ ابن خلدون نے
(۱۴۰۵ء) اس سے بہی زیادہ نقادی سے کام لیا اور محض اسی مواد کو اپنے طور پر اپنی تاریخ
مین شامل کیا اور ایسی روایات کو جو قرین قیاس نہین تہین خارج کردیا۔ ابن خلدون نے
البتہ درست اور فلسفوی طریق پر تاریخ لکھنے کی کوشش کی اور فن تاریخ کے متعلق

عام اصول کو اوسنے نہایت خوبی سے اپنے طویل دیباچہ مین شامل کیا اور نفس کتاب مین محض واقعات تاریخی سے بحث کی ہی۔

اب ہم پھر اوس واقعہ اسکندریہ پر واپس آتے ہین۔ خلیفہ عمر کے حکم سے عمرو بن عاص کا کتب خانۂ اسکندریہ کا جلانا ان پرانی تاریخون مین نہین ہی اور جہانتک مجھے یاد ہی یہہ واقعہ پہلے پہل عبداللطیف کی تاریخ مین جو اس واقعہ سے پانسو برس بعد تھا مذکور ہوا ہی۔ اسکے بعد اسکو مورخین عرب نے برابر تکرار کیا[1] ہی اور ابوالفرج نے سب سے زیادہ تفصیل سے لکھا ہی۔ عبداللطیف کا بیان نہایت مختصر ہی (دیکھو ترجمہ ڈساسی کا صفحہ ۱۸۲) وہ اون آثار باقیہ کا ذکر کرتا ہی جو اوسنے اسکندریہ مین دیکھے اور جنکا اوسنے تھوڑا تھوڑا بیان دیا ہی۔ وہ الفاظ جو اوسنے کتب خانہ کے جلانے کے بارہ مین لکھے ہین یہہ ہین۔ مین خیال[2] کرتا ہون کہ یہہ عمارت وہی مقام ہی جہان ارسطو اور اوسکے بعد اوسکے تلامذہ درس دیا کرتے تھے اور یہی وہ مدرسہ ہی جسکو سکندر نے شہر کی بنا ڈالتے وقت تعمیر کیا اور اسی عمارت مین وہ کتب خانہ تھا جسکو عمرو بن عاص نے خلیفہ عمر کے حکم سے جلایا۔

سب سے پہلے اس واقعہ کا ذکر عبداللطیف نے کیا

یہہ بیان محض علی سبیل التذکرہ معلوم ہوتا ہی اور اس سے کوئی خاص غرض نہین پیدا ہوتی۔ یہ کسی خاص اصلی واقعہ کا یاد دلانا نہین ہی بلکہ ایک محض مشہور بات کا اعادہ

---

[1] مورخین عرب نے تکرار تو کیا اس واقعہ کا ذکر تک نہین کیا ہی ایک مقریزی پر مورخین عرب کا لفظ صادق نہین آسکتا ۱۲ اشبلی

[2] عبداللطیف نے یہ وہی کا لفظ لکھا ہی اوسکا ترجمہ تو یہ نہین ہوسکتا جو پروفیسر صاحب نے کیا ۱۲ اشبلی

کر دیا ہی جسکو اوس زمانہ کے سیاحون نے بارہا لکہا ہی اور اسی قبیل او سی قسم کے غیر معتبر اور خلاف عقل بیانات کے ہی جو زمانہ وسطی کے سیاحون مین بیت المقدس کے مقام کے بارہ مین مشہور تہی - عبد اللطیف کوئی مورخ نہین ہی وہ محض ایک سیاح اور سفرنامہ لکہنے والا شخص ہی اور اوسکے سفرنامہ مصر مین جو کچہہ تاریخی بیانات کہین کہین آ گئے ہین اونپر ہمکو زیادہ وثوق نہین کرنا چاہیے - علاوہ برین خود اوسکے بیان مین غلطیان ہین کیونکہ ارسطو کبہی اسکندریہ مین نہین آیا اور میوزیم کا بنانیوالا بہی سکندر نہ تہا بلکہ بطلمیوس ثانی نے اوسکی تعمیر کی تہی - عبد اللطیف سے کہین زیادہ وقعت ابو الفرج کی تحریر کو ہی کیونکہ یہہ شخص فی الواقع عربون کے مقیاس کے مطابق ایک بہت بڑا اور زبردست مورخ ہی[1] - علاوہ ایک بہت جید سریانی دان ہونے کے اوسمین اور قسمونکی علمیت عقلمندی اور واقعات کے جانچنے اور انتخاب کرنیکی اعلی درجہ کی قابلیت ہی - اوسکی کتابین فلسفہ و تفسیر و مذاہب و فقہ و صرف و نحو پر موجود ہین اور کل ان علوم مین اوسکی تصنیفات محض ایک سرسری واقفیت والے کی تصنیفات نہین ہین بلکہ ایک بہت ہی عالم اور محقق شخص کی -

عبد اللطیف کا بیان تاریخی حیثیت سے نہین ہی -

Ptolemaeus II. agi

اب ہمکو چاہیے کہ **ابو الفرج** (یعنی **جارجیس بار ہبریکیس**) کے حالات اور اوسکے سوانح اور زمانہ پر ذرا غور کرین - ابو الفرج ایک یہودی طبیب ہارون نامی کا بیٹا تہا اور شہر ملیطہ مین ۱۲۲۶ء مین پیدا ہوا - اوسنے اپنی اوایل عمر ہی مین

[1] ابو الفرج کی سریانی تاریخ تو ہمنے نہین دیکہی لیکن اوسکی عربی مختصر الدول ہمارے پیش نظر ہی جو محض معمولی درجہ کی تصنیف ہی ۱۲ شبلی

ابوالفرج کے مختصر حالات زندگی

ایک بہت مضبوط تعلیم یونانی - سُریانی اور عربی زبانون مین پائی اور علاوہ اسکے عیسائی علم کلام تاریخ اور علم طب مین بھی استعداد حاصل کی - خود اوسکا باپ ترک مذہب کرکے عیسائی ہوچکا تہا اسواسطے ابوالفرج نے اپنے سن شعور ہی سے عیسائی مذہب کی تعلیم پائی - تحصیل علوم کے بعد سفرون اور سیاحتون کے ذریعہ سے اوسنے اور بھی اپنے علوم کو ترقی دی - اور بہت کم سنی ہی مین اوسکے ہموطن اوسکی بے انتہا عزت کرنے لگے - چنانچہ اکیس سال کی عمر مین وہ مقام گویا کا جو اوسکے مولد سے قریب تہا بشپ مقرر ہوا - تھوڑے ہی دنون کے بعد وہ طالب کا بشپ ہوگیا اور اسکے بعد ہی موصل کی قریب کی خانقاہ مین آیا اور وہان اوسنے مافریان کا درجہ پایا - یہ درجہ یعقوبیون کے گرجے کا دوسرا درجہ ہی اور اوسکے اوپر پیٹریارک ہی کا درجہ باقی رہ جاتا ہی - اس عہدہ مین ابوالفرج کی حکومت ایشیائے کوچک کے بہت بڑے حصہ پر شتمل تہی - مافریان کا عہدہ کل مشرقی عہدون مین بہت معزز اور باوقعت سمجھا جاتا ہی اور اس خاص زمانہ مین تو ہلاکو کی چڑہائیونکی وجہ سے اوسکے متعلقہ خدمات کا انجام دینا بھی ایک نہایت مشکل امر تہا - کیونکہ ابوالفرج کو کئی مرتبہ نصرانیون کی طرف سے اونکے حقوق آزادی کے لیئے ہلاکو کے پاس سفارتاً جانیکی ضرورت پڑی تہی اور ان سفارتون مین اپنی خوش تدبیری اور لیاقت کی بدولت اوسنے ہمیشہ پوری کامیابی حاصل کی - کہا جاتا ہی کہ اوسکا طبیب ہونا بھی ان کامیابیون کا بہت بڑا باعث تہا - ہلاکو کو اوسپر بے انتہا اعتماد تہا اور اوسنے نہایت کشادہ پیشانی سے نصرانیون کی آزادی کا فرمان

لکھہ دیا۔ لیکن اصل یہہ ہی کہ ابو الفرج کی ذاتی وجاہت اوسکا علم اور علی الخصوص علم مجلس اوسکی عزت اور توقیر کا باعث ہوا اور اوسکی وجہ سے مغلیہ عملداری کے نصرانیون کو بہی عزت حاصل ہوئی۔ لیکن باوجود اسقدر علم و فضل کے جسنے اوسکو اپنے معاصرین مین نہایت مشہور بنا رکہا تہا ابو الفرج کا بہی اپنے اوس زمانہ کے مہمل خیالات اور توہمات کی زنجیرون مین جکڑا ہوا ہونا اوسکی صورت وفات سے ثابت ہی۔

کہا جاتا ہی کہ ابو الفرج فن نجوم مین نہایت راسخ الاعتقاد تہا۔ اوسکی پیدایش اوسکا لقب ہونا اور اوسکا مافریان ہونا یہہ سب واقعے عطارد اور زحل کے اقتران کے وقت وقوع مین آیے تہے اور اسواسطے اوسکا اعتقاد تہا کہ اوسکی وفات بہی انہین ستارونکے اقتران کے وقت واقع ہوگی۔ کیونکہ ان ستارون کے اثر کو وہ اپنی زندگی کے لیے خاص سمجہتا تہا۔ حسب اتفاق اس اقتران سے کچہہ دنون پہلے ابو الفرج کو سخت بخار آگیا۔ اوسنے علاج سے مطلقاً انکار کیا اور کہا کہ ان ستارون کا اقتران میری موت کی خبر دیتا ہی اور فی الواقع وہ مر بہی گیا۔ سن وفات اوسکا ۱۲۸۶ء ہی۔

سب سے بڑی تاریخی تصنیف ابو الفرج کی اوسکی سریانی تاریخ کو سمجہنا چاہیے۔ یہہ ایک کتاب ہی جسکو اوسنے بہت سی سریانی۔ عربی۔ فارسی اور یونانی کتابون سے نہایت تحقیق اور محنت کے ساتہہ لکہا ہی۔ اس بڑی کتاب کا جسمین دنیوی و دینی تاریخین دونون جمع ہین اوسنے اپنے اخیر وقت مین ایک خلاصہ عربی مین لکہا جسکا نام تاریخ الدول ہی اور جسکو پوکوک نے ۱۶۶۳ء مین چہاپا۔ یہہ محض خلاصہ نہین ہی

یہہ واقعہ ابو الفرج کی اصلی سریانی تاریخ مین نہین ہی۔

بلکہ اس مین بہت سی چیزین ایسی ہین جو اصل سریانی مین نہین ہین - آیا یہہ مقامات بعد کے الحاق ہین یا خود ابوالفرج نے انکو بڑہایا ہی؟ بخوبی نہین معلوم ہوتا کیونکہ اس خلاصہ کے کل نسخے ناکامل ہین - یہہ واقعہ اسکندریہ کے کتب خانہ جلانے کا بھی جو عربی مین موجود ہی اصل سریانی مین نہین پایا جاتا -

اس واقعہ کے فقط عربی مین پائے جانے کی یہہ وجہ بیان کی گئی ہی کہ چونکہ عربی کو ابوالفرج نے خاص مسلمانون کی ضرورت سے لکہا تہا اسواسطے اوسنے عربی خلاصہ مین یہہ واقعہ بڑہا دیا کیونکہ اس واقعہ کا اثر مسلمانون پر بہت زیادہ پڑتا تہا - بہرحال اس واقعہ کا اصل سریانی مین نہونا نہایت عجیب امر ہی اور اوس سے زیادہ تعجب خیز یہہ امر ہی کہ یہہ واقعہ یوٹیکیٹس اور المکین کی تاریخون مین نہین پایا جاتا یوٹیکیٹس دسوین صدی مین خاص اسکندریہ مین پیٹریارک تہا (اوسکی وفات کا سنہ ۹۴۰ ہی) اور اوسنے اسکندریہ کی فتح کا حال نہایت تفصیل سے لکہا ہی - اسمین شک نہین کہ چونکہ وہ خاص موقع واقعہ پر تہا اسواسطے اوسنے جن ذرایع سے اپنی تاریخ لکہی تہی وہ یقیناً متعدد اور قابل اعتبار ذرایع ہونگے - وہ خود ایک عالم آدمی تہا اور اوسکی نظر مین اتنے بڑے کتب خانہ کا تلف ہوجانا جسمین یقیناً بہت سی کتابین نصرانیون کے کام کی بہی موجود تہین ایک نہایت اہم اور افسوسناک واقعہ تہا اور اوسکو کوئی امر مانع نہین تہا کہ وہ مسلمانون کے اس کتب خانہ کو جلانے کا واقعہ تفصیل کے ساتہہ لکہتا -

قدیم عیسائی مورخون نے اس واقعہ کو نہین لکہا -

المکین بہی جسکا زمانہ تین سو سال بعد تہا) نصرانی تہا اور اوسنے اپنی تاریخ مصر

مین لکھی - اوسنے بھی نہایت تفصیل سے اسکندریہ کی فتح کے واقعہ کو لکھا ہی لیکن
اوسنے بھی اس کتب خانہ کے جلانے کی بابت ایک لفظ تک نہین لکھا - یہ دونون
قدیم اور مابعد کے مورخ مقام واقعہ سے بہ نسبت ابوالفرج کے قریب تر تھے - کیونکہ
ابوالفرج نے اپنی کتاب ایشیاے کوچک مین تصنیف کی اور قیاس بھی چاہتا ہی
کہ اوسنے اپنے واقعات کو رومیون کی کتابون سے لیا ہی جنمین اسلام کی تاریخ
بہت کچھہ رنگی ہوئی ہی - مورخین رومی نے اپنے کو بالکل اسلام کا مخالف دکھایا
ہی اور وہ اسلام کو ایک نہایت عذاب کی نظر سے دیکھتے ہین - وہ سمجھتے ہین کہ
اونکا فائدہ اسی مین ہی کہ وہ اسلام کو جسقدر ممکن ہو وحشی حالت مین دکھاوین اور یہہ
بہت ہی قرین قیاس ہی کہ یہہ ساری کہانی کتب خانہ اسکندریہ کو جلانے کی
انہین مورخین رومی کی ایجاد ہی - یہہ بھی ممکن ہی کہ ابوالفرج نے ایک اور واقعہ کو جو
اوسکے بالکل مماثل ہی غلطی سے اسکندریہ کے بابت لکھہ دیا ہو - وہ واقعہ یہہ ہی
کہ جسوقت سعد بن وقاص نے خلیفہ عمر کے وقت مین ایران کو فتح کیا ہی تو بہت
سی فارسی کتابین اوسکے ہاتھہ لگین اور اوسنے خلیفہ سے دریافت کیا کہ یہ کتابین
کیا کیجاوین اوسوقت خلیفہ نے یہہ جواب دیا کہ اونکو یا تو آگ مین ڈال دیا جاوے
یا پانی مین -

ابوالفرج کے بیان کی مبالغہ آمیزی -

اگر ابوالفرج کے اس بیان پر ذرا غور کیا جاوے تو معلوم ہوگا کہ اوسمین نہایت
مبالغہ ہی - کہا جاتا ہی کہ چار ہزار حمام اس کتب خانہ کی کتابون سے چھہ مہینے تک گرم

ہوتے رہے - یہہ تو بالکل قطب الدین کے اوس بیان کے مقابل مین رکھنے کے قابل ہی جو اوسنے ہلاکو کے وقت مین بغداد کے کتب خانہ کے نسبت لکھا ہی - ہلاکو نے حکم دیا تہا کہ کتابین دجلہ مین ڈال دی جاوین اور اونکے ڈال دینے سے ایک پل بنگیا جسپر سے سوار اور پیدل گذرتے رہے اور اون کتابون مین سے اسقدر روشنائی دہلی کہ دجلہ کا پانی بالکل سیاہ ہوگیا -

نہ فقط ابو الفرج کے بیان مین مبالغہ ہی پایا جاتا ہی بلکہ اوسکا بیان اور دوسری معتبر شہادتون کے خلاف بہی معلوم ہوتا ہی - مثلاً عمرو نے جو خط خلیفہ عمر کو فتح اسکندریہ کے بارہ مین لکہا دیکہو (آرنلڈ کے منتخبات عربی صفحہ ۱۴۵ - اور ایوالڈ کی تحریر جرمن اورینٹل سوسیٹی کی روداد جلد ۳ صفحہ ۳۴۹) اوس مین یہہ عبارت ہی - مین نے شہر کو فتح کرلیا اوسکی موجودات کی مین تشریح نہین کرسکتا لیکن اتنے بیان پر اکتفا کرتا ہون کہ اوس مین چار ہزار قصر ہین چار ہزار حمام چالیس ہزار خراجگزار یہودی چار سو شاہی سیرگاہین اور بارہ ہزار باغ جنکی ترکاری بکتی ہی اسی خط مین یہہ بہی ہی کہ عربون نے شہر کو لوٹنا چاہا تہا لیکن عمرو نے اونکو اس سے باز رکہا اور خلیفہ سے ہدایت طلب کی - خلیفہ نے بہی اس ارادہ کو ناپسند کیا - کتب خانہ کے جلانیکا حکم ہرگز اس بیان کے ساتہہ مطابقت نہین رکہتا - عمرو نے اپنے خط مین بہت سے عجائبات اور قیمتی چیزون کا جو اسکندریہ مین موجود تہین ذکر کیا ہی اور ایسا شخص جسکو خود ابو الفرج نے علم دوست سپہ سالار کہا ہی اتنے بڑے ذخیرہ کتب سے بالکل سکوت کرے

عمرو بن العاص کے مفصل خط مین کتب خانہ کا ذکر نہین ہی

خیال مین نہین آتا۔

یہہ کہا جا سکتا ہی کہ عمرو نے کتب خانہ کا حال کسی دوسرے خط مین خلیفہ کو لکھا ہوگا۔ لیکن عمرو اسکندریہ مین بہت تہوڑے دلون رہا اور اس قلیل زمانہ مین اتنی مہلت نہ تہی کہ اوسکو اوس دوسرے (مفروض) خط کا جواب خلیفہ کے پاس سے ملتا۔

پس یہہ سوال پیدا ہوتا ہی کہ آیا عربون کی فتح اسکندریہ کے وقت وہان کتب خانہ موجود تہا یا نہین؟ یہی سوال گبن نے بہی کیا ہی اور اوسنے بہی ابوالفرج کے بیان کو نہایت خلاف قیاس دیکہا ہی۔

اب ہم مختصر سی کیفیت اس کتب خانہ کی بیان کرتے ہین۔ اس کتب خانہ کا بانی بطلیموس* اول الملقب بہ لاگی جسنے ایک بہت بڑا گروہ علما کا اپنے گرد جمع کیا تہا اور اسکندریہ کو ایک بہت بڑا مرکز علوم بنا دیا تہا۔ لیکن اوسکے عہد سلطنت مین اس کتب خانہ کی محض بنا پڑی تہی اور اوسکے بیٹے بطلیموس* ثانی فلاڈلفس نے جسکا زمانہ تیسری صدی قبل مسیح ہی اوسپر اضافہ کیا اور میوزیم کو بہی نئی رونق دی۔ اس زمانہ مین یہ میوزیم شہرۂ آفاق اور مرجع و ماوی تمام مشہور علماے عالم کا ہو گیا تہا اور تمام اقصاے عالم سے طلاب علم و فلسفہ وہان آتے تہے۔ حقیقت مین یہہ اوس زمانہ مین مشہور ترین مدارس قدیم مین سے تہا اور اوس مین کل علوم و فنون کی تعلیم ہوتی تہی۔ اگرچہ اوسکے بعد کے زمانہ مین بہی کئی مشہور مدارس اور دار العلوم ہوے ہین مثلاً دار العلوم نسیبس* و ایڈیسیا* جو یونانی اور سریانی علوم کے واسطے مشہور مرکز گنے جاتے تہے لیکن اونمین سے کوئی بہی کیا بلحاظ وظائف

Plolemaeus I Lc

کتب خانہ مبحوث فیہ کی تاریخ۔

Plolemaeus II Philadelphus

*Nisibis *Ede

اور کیا بلحاظ شہرت اساتذہ اور نام آوری اسکندریہ کے مدرسے کو نہین پہونچتا ہی۔ کتب خانہ بہی ایک جزو اس مدرسہ کا تہا اور دونون کی ترقی روزافزون ہوتی گئی۔ ان کتابونکی تعداد چار لاکہہ سے لیکر سات لاکہہ تک لکہی گئی ہی لیکن یہہ بیان مورخین متاخر کا ہی اور انہون نے کوئی قابل اطمینان حوالہ اس تعداد کی نسبت نہین دیا ہی۔ علاوہ اس کتب خانہ کے جو مدرسہ سے متعلق تہا اور بہی کئی کتب خانے اسکندریہ مین موجود تہے مثلاً معبد سارپیس Sarpis کا کتب خانہ جسکا نام سراپیم تہا اور جسکی بابت ٹرٹلین Turtullian کی تحریر سے معلوم ہوتا ہی کہ وہ تیسری صدی مسیحی تک موجود تہا۔ اسکے سوا کتب خانہ سیباسٹیم Sebastium اور کئی چہوٹے کتبخانے بہی تہے ایسا معلوم ہوتا ہی کہ سات لاکہہ کی تعداد جو بیان کی گئی ہی وہ ان کل کتب خانون کی مجموعی تعداد ہی۔

لیکن جہانتک خیال کیا جاسکتا ہی رشد و مد اسکندریہ کے کتب خانہ کا سو برس سے زیادہ نہین رہا کیونکہ دوسری صدی قبل مسیح کے نصف دوم ہی مین یورجیٹس ثانی Euerjetes II کے زمانہ مین علما اور ذی کمال لوگ اسکندریہ سے نکال دیے گئے تہے اور اسکی وجہ سے مدرسہ مین بہی جو بالکل کتب خانہ کا ایک جزو تہا اور جسکی ساری عظمت ان علما سے تہی زوال آگیا تہا۔

خود یورجیٹس ثانی Euerjetes II نے اپنی پہلی غلطیون پر متنبہ ہوکر اخیر مین علم کیطرف توجہ کی اور صاحب تصنیف ہوگیا یعنی ایک کتاب علم حیوانات پر لکہی اور

ہومر Homer کی نظم کو جمع کیا۔ اوسنے علما کو واپس بلانیکی کوشش کی لیکن کوئی آنے پر راضی نہوا فقط ارسٹارک Aristarch جو ایک مشہور شخص اور اوستاد یورجیٹیس کا تھا اسکندریہ مین باقی رہ گیا اور علمی اشغال مین مصروف رہا۔ یورجیٹیس ثانی سے جولیس سیزر Julius Caesar تک جو سو برس کا زمانہ ہی تاریخون مین مطلق کوئی پتہ اس مدرسہ کا نہین پایا جاتا ہی۔ جولیس سیزر کے زمانہ مین اسیقدر معلوم ہوتا ہی کہ سنہ ۴۸ قبل مسیح مین میوزیم مین آگ لگ گئی تھی اور بہت بڑا حصہ کتابون کا اس آگ سے تلف ہوگیا تھا۔ اسٹرابو Strabo نے جو اس واقعہ کے بئیس برس بعد یعنی سنہ ۲۶ قبل مسیح مین اسکندریہ گیا ہی وہان کی کل چیزون کو نہایت تفصیل کے ساتھ لکھا ہی لیکن اوسنے کتب خانہ کا ذکر تک نہین کیا ہی۔ ایسا معلوم ہوتا ہی کہ اون نقصانات کی جو آگ کے سبب سے کتب خانہ مین واقع ہوگئے تھے اوسوقت تک بخوبی تلافی نہین ہوئی تھی لیکن اس تلافی کا آگے چلکر ہوجانا اس سے ثابت ہی کہ سیوٹن Suetin اپنی کتاب سوانح دیاکلیشین Diocletian مین لکھتا ہی کہ اس بادشاہ نے اطالیہ کے کتب خانہ کی ضائع شدہ کتابونکی تجدید بذریعہ نقول کتب خانہ اسکندریہ سے کرلی تھی۔ رومی شاہنشاہون کے وقت مین سنین ترقی و سنین تنزل یکے بعد دیگرے آتے گئے۔ کاراکلا Caracella نے جو تباہی اسکندریہ پر ڈہائی تھی اوسکی تلافی الکزنڈر سیورس Severis نے کی اور مدرسہ کو از سر نو جگایا اور سیوڈاس Suidas کے بیان سے معلوم ہوتا ہی کہ سنہ ۳۹۱ء تک بھی میوزیم موجود تھا

لیکن سراپیم اور اوسکے کتب خانہ کا حال اسوقت تک تاریکی مین پڑا ہوا ہی —
یہہ تو معلوم ہی کہ سراپیس کا معبد جس سے وہ کتب خانہ متعلق تھا ۳۸۹ سنہ ع مین
تھیوڈوسیس اعظم Theodosius the Great کے وقت مین ایک نصرانی گرجا بنا
دیا گیا تھا - آیا اس تبدیل کے وقت تک وہ کتب خانہ وہان موجود تھا یا ضائع
ہوگیا تھا - یا کتابین قسطنطنیہ کو منتقل ہوگئی تھین مطلق معلوم نہین ہوتا —

یہہ اخیر خیال یعنی کتابون کا قسطنطنیہ جانا زیادہ تر قرین قیاس ہی کیونکہ تھیوڈوسیس
ثانی نے جو کتب خانہ پانچوین صدی مین قسطنطنیہ مین قائم کیا وہ زیادہ تر مصر
اور ایشیاے کوچک کی کتابون سے بنا ہوا تھا —

جب کل واقعات متعلقہ تاریخ کتب خانۂ اسکندریہ پر غور کیا جاوے تو یہی
نتیجہ نکلتا ہی کہ جس وقت عربون نے اسکندریہ کو فتح کیا ہی اوس وقت اس مشہور
و معروف کتب خانہ کا جسکی شہرت اسقدر قدیم زمانہ مین تھی اور جسنے اوس زمانہ
کی اشاعت علوم مین اسقدر مدد دی تھی کوئی حصہ باقی نہ تھا اور اگر تھا بھی تو بہت
ہی تھوڑا حصہ تھا - اقوام اور امم کی ترقی مین وہ قوت جاذبہ جو ہر چیز کو مرکز کیطرف
کھینچتی ہی اور ساری ترقیون کو کسی ایک مرکز پر جمع کر دیتی ہی اور قوم کے دور
افتادہ اجزا کو بہت ہی ضعیف طور پر مرکز سے ملاتی ہی اور زوال قوم مین تعجیل پیدا
کرنے کا ایک بہت بڑا سبب بنجاتی ہی اس خاص موقع پر مصر و ایشیا مین بھی
موجود تھی - یہہ نہایت قرین قیاس ہی کہ مصر کا دور سے دور کا حصہ بھی اس

مرکز علوم اس دار السلطنت کو اپنا علمی خراج بھیجنے پر مجبور تھا۔ اور یہی سبب ان اقطار دور و دراز کی تھی جسنے اسلام کی حیرت انگیز اور عالمگیر فتوحات کو (جو ہر ایک خوانندہ تاریخ کے واسطے ایک پُر عبرت اور تعجب خیز واقعہ ہی) ممکن کردیا تھا۔ پیروان دین محمدی نے بلاشک بہت سی باقیات صالحات زمانہ قدیم کو نیست و نابود کردیا لیکن اس مین بھی شک نہین کہ میری راے مین یہہ الزام اسکندریہ کے کتب خانہ کو جلانے کا ان پر لگانا بالکل جھوٹ اور افترا ہی۔

ترجمہ مضمون پروفیسر واٹ

جسکو

اونھون نے اپنی کتاب تاریخ مصر مین درج کیا ہی۔

عربی مین ایک مثل ہی کہ الحدیث ذو شجون۔ ایک ایسی تصنیف مین جسکا موضوع تفریح طبع ہو جسقدر چاہین دور از مطلب مضامین کا ذکر کرسکتے ہین زیادہ سنجیدہ مضامین کی کتابون یا زیادہ باقاعدہ قسم کی تصنیفات مین سے بھی دور از مطلب مضامین کا بیان کرنا بالکلیہ خارج نہین کیا جاسکتا بشرطیکہ ایسے بیانات سے مصنف کی راے کی تشریح و تائید زیادہ تر عمدگی سے ہوسکتی ہو یعنی بشرطیکہ وہ اس پیچ در پیچ راہ سے پڑھنے والے کو مقصد اصلی و غایت تحقیق تک پہونچاوے کہ اوسکو خبر تک نہو۔

اسی قسم کے تاریخی سلسلہ بیانات ہین جو ابوالفرج ہمیشہ اپنی ایک تاریخ مین جابجا بطور شاخ در شاخ مضامین کے بیان کیا کرتا ہی فیلوپونس نے جو ناکام کوشش کتب خانۂ آسکندریہ کے بچانے کی کی تہی اور جسکا ذکر اس مصنف کے سوا کسی نے نہین کیا اوسکا حال ہمکو صرف اسی ذریعہ سے معلوم ہوا ہی کہ اس مصنف نے بعض واقعات کو ضمنی طور پر بیان کرنیکا طریق اختیار کیا تہا اس عیسائی فلاسفر نے عمرو بن العاص سے جسکو (حضرت) عمر نے سپہ سالار فوج مقرر کیا تہا جو درخواست کی تہی اوسکو اس عربی مورخ نے اسطرح تحریر کیا ہی[1]۔

مسٹر گبن لکھتا ہی کہ حضرت عمر کی کورانہ اطاعت کے ساتھہ تعمیل کی گئی۔ کاغذ یا چمڑے کی کتابین چار ہزار حماموں مین تقسیم کی گئین اور وہ کتابین اسقدر ناقابل یقین کثرت سے تہین کہ اس بیشبہا ایندہن کے جلانے کے لیے چہ مہینے مشکل سے کافی ہوے۔ جب سے ابوالفرج کی تاریخ زبان لاطینی مین دنیا مین شائع ہوئی ہی یہ قصہ بار بار منقول ہوا ہی۔ اور ہر مصنف نے زمانہ قدیم کی تصنیفات علوم و فنون کی بربادی پر جسکی کبہی تلافی نہوگی نیکدلی سے غصہ و ماتم کیا ہی۔ لیکن میرا ذاتی میلان استحکام کے ساتھہ اسطرف ہی کہ واقعۂ مذکورۂ بالا اور اوسکے نتائج دونون سے انکار کیا جاوے یہہ واقعہ حقیقت مین ایک اعجوبہ ہی۔ مورخ مذکور خود لکھتا ہی کہ **فاسمع ماجر واعجب**"۔

---

[1] اس عبارت کا بعینہ ترجمہ ہم اپنے مضمون مین نقل کر چکے ہین اس لیے یہان اوسکا مکرر نقل کرنا بفایدہ تہا۔ ۱۲ شبلی النعمانی

پھر آگے چلکر مسٹر گبن اس فقرہ پر ایک حاشیہ چڑہا کر لکھتے ہین کہ یوٹیکس کی تاریخ
اور المیسن کی تاریخ عرب مین اس قصہ کا پتہ لگانا عبث ہی - ابو الفدا و مرتدی (2)
و دیگر گروہ اہل اسلام کا سکوت چندان مفید قطعیت نہین ہی کیونکہ وہ عیسائیون کے
لٹریچر سے جاہل تھے"۔

لیکن سب سے پہلے یہ دیکھنا ہی کہ آیا خود ابو الفرج کا بیان بہی مسٹر گبن نے
صحیح صحیح نقل کیا ہی - یقیناً مورخ مذکور کے الفاظ سے یہہ نتیجہ نکالنا واجب ہی کہ
یہہ کتابین شہر کے تمام چار ہزار حمامون مین جلانے کے لیئے تقسیم کی گئی تہین -
یہہ کتابین خواہ کتنی ہی حمامون مین تقسیم ہوئی ہون ہر صورت مین ابو الفرج کی تحریر
اور وہ معنی جو میری رائے مین اس سے مفہوم ہوتے ہین بجا ہین وہ یہہ نہین لکھتا
کہ چھہ مہینے جلنے کے لیئے بمشکل ناکافی تھے - ایسا لکھنا اصل بیان کو غلط سمجھکر
اوسپر غلط حاشیہ چڑہانا ہی - عربی مورخ - ابو الفرج کوئی بیان اس قسم کا نہین کرتا وہ صرف
یہہ واقعہ بیان کرتا ہی کہ نصف سال مین کل کتابین جل چکی تہین لیکن وہ اس امر کی تصریح
نہین کرتا کہ کسقدر حمامون کے ذریعہ سے اون کتابونکی بربادی عمل مین آئی - اسلیئے
کتابون کی ناقابل یقین کثرت تو یک لخت جاتی رہی - اس تمام عرصہ مین جبکہ یہہ زمانہ
قدیم کی یادگار بیشبہا کتابین بتدریج جلتی تہین کوئی خیال افسوس یا پشیمانی کا فاتحون کے
دل مین پیدا نہوا نہ کوئی اس قسم کی خواہش پیدا ہوئی کہ اس گرانمایہ کتب خانہ کی باقیماندہ خزانون
کو اب بہی تباہی و بربادی سے بچا لیا جائے - اس صورت مین ابو الفرج کا یہہ کہنا

بجاہی کہ "فاسمع واعجب" ان جنگلیون کے بیرحم غضب اور وحشیانہ جہالت کو سنو اور تعجب کرو۔

ثانیاً اگر ہم مسٹر گبن کی یہہ بات تسلیم کرلین کہ اس عام واقعہ کی نسبت صرف ابوالفرج ہی کی شہادت ہی تو بہی اوسکی واقعیت کی نسبت مجھکو کوئی معقول شبہہ کرنیکی وجہ معلوم نہین ہوتی۔ بلکہ بطریق تنزل مین اس سے زیادہ تسلیم کرونگا۔ مین یہہ بات کو بہی مان لونگا کہ ابوالفرج نے سریانی تاریخ مین اس واقعہ کا بیان نہین کیا۔ حالانکہ جس زمانہ مین وہ واقعہ وقوع مین آیا اوس زمانہ کا اوسنے عام طور پر ذکر بہی کیا ہی۔

ان دونون عام تاریخون کی کیفیت جن مین سے ایک زبان عربی مین لکہی گئی ہی اور دوسری سریانی مین بذریعہ دو کتابون کے جن کی حال مین اشاعت ہوئی ہی بخوبی بیان کی جاسکتی ہی۔

کچہہ عرصہ گذرا ایک کتاب شائع ہوئی تہی۔ بلحاظ اس امر کے کہ اوس کتاب مین واقعات کا نہایت سلیقہ سے انتخاب کیا ہی اور اونکو عمدگی سے ترتیب دی ہی اور اون واقعات کے ثبوت مین شواہد بیان کیئے ہین اور اس امر کی تحقیق مین کہ اونمین باہم ایک دوسرے کے ساتہہ کیا مناسبت ہی نہایت فراست ظاہر کی ہی اور تمام نتایج قواعد منطق کی سخت پابندی کے ساتہہ نکالے ہین اور اونکو دلیرانہ فصاحت سے بیان کیا ہی وہ کتاب نہ صرف اہل برطانیہ کی تعریف و تشکریہ کی مستحق ہی بلکہ ہر شخص جو صداقت اور انصاف اور انسانیت کو دوست رکہتا ہی اوسکا شکریہ اور تعریف واجب ہی

یہہ عالمانہ تصنیف تاریخ سیاست ملک برطانیہ کلان مج فرانس ہی جو میرے فاضل دوست
مسٹر ہربرٹ مارشس نے جرمنی و انگریزی زبان مین لکھی ہی۔ انگریزی
ایڈیشن کی نسبت مصنف مذکور یون لکھتا ہی کہ اس کتاب کو جو اہل برطانیہ کے روبرو
پیش کی جاتی ہی ایک معنی مین ترجمہ کہہ سکتے ہین کیونکہ یہہ کتاب ابتدا زبان جرمنی مین لکھی
گئی تہی۔ لیکن جبکہ مصنف نے خود اس کتاب کو لکھا ہی اسلیئے اسکو اصل کتاب
کہلانے کا بہی اوتنا ہی حق ہی۔ درحقیقت یہہ کتاب لفظی ترجمہ نہین ہی بلکہ اوسی ایک
مضمون کو دوسری زبان مین تحریر کیا ہی اور اونہی پہلی سندون سے اوسکا ثبوت دیا ہی
مختلف مقامات مین نئے امور بہی اضافہ کیئے گئے ہین اور اونکی ترتیب مین چند
تبدیلیان کی گئی ہین علاوہ ازین جرمن مصنفون کے حوالے اور بعض فقرات جو اس ملک
کے پڑہنے والون کے لیئے ناقابل فہم تو نہین مگر غیر دلچسپ تو ضرور ہوتے ترک
کر دیے گئے ہین۔

اس بیان سے کسی قدر اوس امر کی تشریح ضرور ہو جائیگی جو مین ابوالفرج کی دو
عام تاریخون کی نسبت جنمین سے ایک زبان سریانی مین ہی اور دوسری زبان عربی
مین کہنا چاہتا ہون۔ ان دونون تاریخون مین عام طور پر ایک ہی مضمون بیان کیا
گیا ہی لیکن جیسا مصنف نے اپنی دانست مین اوس قسم کے پڑہنے والون کے لیئے
جنکے لیئے اوسنے یہہ کتاب لکھی کسی امر کو نہایت دلچسپ سمجھا اوسکے لحاظ سے کہین کہین
کچھ امور اضافہ کیے گئے ہین اور کہین کہین فروگذاشت بہی ہوئی ہی۔ مثلاً متعدد واقعات

محاصرہ و فتح عکہ اور مختلف پیغامات جو رچرڈ شیر دل اور اوسکے فیاض حریف صلاح الدین
کے درمیان آئے گئے وہ شام کی تاریخ مین زیادہ تفصیل سے بیان کیے گئے
ہین ۔ لیکن عربی تاریخ مین اونسے بالکل سکوت کیا گیا ہی ۔ برخلاف اس کے
فلوپونس کا درخواست کرنا اور کتب خانۂ اسکندریہ کا جلایا جانا عربی تاریخ مین بیان
کیا گیا ہی ۔ اور تاریخ شام مین اوسکا ذکر ترک کیا گیا ہی ۔ اس قسم کی مثالین بیشمار ہین
اور ہر ایک شخص اسکا خود فیصلہ کرسکتا ہی ۔ کیونکہ دونون تاریخین اصلی زبان مین مع
لاطینی ترجمہ کے پبلک کے روبرو موجود ہین ۔

مجھے توقع ہی کہ اب آیندہ مسٹر گبن کا یہہ اعتراض کبھی نہ سنا جائیگا کہ جبکہ ایکطرف صرف
ایک اجنبی شخص کی تحریر ہی جسنے چھٹی صدی کے اخیر مین ملک میڈیا کے حدود مین
بیٹھکر کتاب لکھی اور دوسری طرف ایسے دو قدیم مورخون کا سکوت ہی جو دونون عیسائی
اور خاص مصر کے رہنے والے تھے اور اونمین سے بطریق یوٹیکس نے جو زیادہ تر
قدیم ہی واقعات فتح اسکندریہ کو تفصیل سے بیان کیا ہی ۔ اسلیئے اون دونون مورخون کا ہی
پلہ بھاری رہتا ہی ۔ جب خود ابوالفرج نے اپنی شام کی عام تاریخ مین عمرو کی سولہ عمری
بیان کی اور فتح اسکندریہ کا ذکر کیا اور باوجود اسکے کتب خانے کے جلا دیے جانے کا
ذکر نہین کیا بلکہ فلوپونس کا نام تک نہین لیا تو دوسرے دو مورخ بھی ایسا ہی کیون
نہین کرسکتے تھے ؟ اس علم مشرق کا جو علمی اور مذہبی پایہ ہی اور اوسکی سنجیدگی و تقدس
کی دو صفتون کی نسبت مسلمانون اور عیسائیون نے جو کچھ متفق الرائی ہوکر لکھا ہی

اوسکے لحاظ سے میری رائے مین اگر وہ اپنی شہادت مین تنہا بھی ہو تب بھی اوسکی شہادت مسٹر گبن کی حقیر خردہ گیری کی نسبت بہت زیادہ وزن رکھتی ہی۔

لیکن ہم مسٹر گبن کی منفیانہ دلیل کے مقابلہ مین دو عربی مورخون کی اثباتی شہادت پیش کرنے کی جرأت کرینگے یہہ دونون مورخ ایسے مستند مصنف ہین کہ اونکے مستند ہونیکی نسبت کوئی اعتراض نہین کیا جاسکتا۔ اور وہ دونون مذہب اسلام کے نہایت سرگرم معتقد ہین میری مراد مقریزی اور عبد اللطیف سے ہی جو اس واقعہ یعنی کتب خانہ کے جلانے کا ذکر کرنے مین ہی متفق الرائے نہین ہین بلکہ ہمکو ٹھیک ٹھیک اوس مقام کا بھی نشان دیتے ہین جہان کتب خانہ مذکور قائم تہا۔ کیونکہ میناروں کا ذکر کرنے کے بعد جنکو عموماً پامپی کے مینار کہتے ہین اور بعض قدیم عمارت کے کہنڈرات کا اس ملک لکہکر وہ یہہ لکہتے ہین کہ اس مقام پر وہ کتب خانہ تہا جو عمرو بن العاص نے ترکہ خلیفہ عمر کے حکم سے جلایا تہا اسلیئے مین یہہ نتیجہ نکالتا ہون کہ عمرو بن العاص کا کتب خانہ کو جلانا یا ٹھیک یون کہنا چاہیئے کہ برباد کرنا اور اوسکا اصل مقام ایسے طور پر محقق ہی کہ اوس مین کوئی نزاع نہین ہو سکتی ❊

تمت

مسیحا

٦٣٩٣٥

Saeed Khan

ZAD LIBRARY, ALIGARH

CALL No. ۸۹۱.۱۲۳۵ شی ۱۲م ACC. No. ۶۳۹۳۵

AUTHOR شبلی نعمانی

TITLE

THE BOOK MUST BE CH... OR...

Date	No.	Date	No.

MAULANA AZAD LIBRARY

ALIGARH MUSLIM UNIVERSITY

-:RULES:-

1. The book must be returned on the date stamped above.
2. A fine of Re 1/- per volume per day shall be charged for text-books and 10 P. per vol. per day for general books kept overdue.